Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13
اتوار 4دسمبر 2022ء 9جمادی الاول 1444ھ، قیمت 20روپے
شمارہ 203

نجمہ حمید نظریاتی، بااصول، بہادر، شفیق اور باوفا شخصیت تھیں، افسوس ایک محبت کرنیوالی مخلص بہن سے محروم ہوگیا ہوں، بیان

پارٹی کیلئے بہن نجمہ حمید کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، شہباز شریف

مرحومہ پارٹی کا قیمتی اثاثہ تھیں، ان کی وفات بڑا نقصان ہے، وہ قائد محمد نواز شریف اور مرحومہ بیگم کلثوم صاحبہ کی قریبی اور بااعتماد ساتھی تھیں، نہایت جرآت وبہادری سے ناقابل فراموش کردار ادا کیا

وزیراعظم شہباز شریف نے طاہرہ اورنگزیب اور مریم اورنگزیب سمیت تمام اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعاء کی

مرحومہ پارٹی کا قیمتی اثاثہ تھیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین کی سابق صدر، سینئر پارلیمنٹرین بیگم نجمہ حمید کی وفات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحومہ کی آئین کی سربلندی، جمہوریت، ملک اور پارٹی کیلئے خدمات ناقابل فراموش ہیں، وہ ایک نظریاتی، بااصول، بہادر، شفیق اور باوفا شخصیت تھیں، افسوس ایک محبت کرنیوالی مخلص بہن سے محروم ہوگیا ہوں۔ ایک بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین کی سابق صدر، سینئر پارلیمنٹرین بیگم نجمہ حمید کی وفات پر افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مرحومہ کی آئین کی سربلندی، جمہوریت، ملک اور پارٹی کے لئے بہن نجمہ حمید کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بیگم نجمہ حمید وہ ایک نظریاتی، بااصول، بہادر، شفیق اور باوفا شخصیت تھیں، افسوس میں آج ایک محبت کرنے والی مخلص بہن سے محروم ہوگیا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مرحومہ پارٹی کا قیمتی اثاثہ تھیں، ان کی وفات بڑا نقصان ہے، وہ قائد محمد نواز شریف اور مرحومہ بیگم کلثوم صاحبہ کی قریبی اور بااعتماد ساتھی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ مرحومہ بیگم کلثوم کی سیاسی جدوجہد میں انہوں نے نہایت

پارلیمانی جمہوریت کیخلاف عمران خان کا بیان قابل مذمت ہے، شیری رحمان

عمران خان سیاستدان کے لبادے میں آمر ہیں، 26 سال سیاسی جدوجہد، چیرٹی کے نام پر پیسے کھانے میں گزارے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا ہے کہ پارلیمانی جمہوریت کیخلاف عمران خان کا بیان قابل مذمت ہے، انہوں نے ہمیشہ پارلیمانی جمہوریت کیخلاف ہرزہ سرائی کی۔ ٹوئٹر (بقیہ نمبر 4)

عمران کو اندازہ ہے ملک مزید عدم استحکام کا متحمل نہیں ہوسکتا، شیخ رشید

اسمبلی توڑنا مسئلہ نہیں، تباہ حال معیشت بچانا اصل مقصد ہے، سابق وزیر داخلہ

لاہور (این این آئی) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ عمران کو اندازہ ہے ملک مزید عدم استحکام کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ ایک ٹوئٹ میں سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا کہ عمران خان سے آدھا گھنٹہ (بقیہ نمبر 3)

خصوصی افراد کو ہنرمند بنا کر روزگار فراہم کرکے بااختیار بنایا جائے، عارف علوی

خصوصی افراد مجھے اور اہلیہ کو بہت پیارے ہیں، ہماری زندگیوں میں ان کو انتہائی اہمیت حاصل ہے

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے کہا ہے کہ خصوصی افراد مجھے اور میری اہلیہ کو بہت پیارے ہیں، ہماری زندگیوں میں ان کو انتہائی اہمیت حاصل ہے۔ ہفتہ کو ایک ٹوئٹ میں صدر مملکت ڈاکٹر عا (بقیہ نمبر 2)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ وزیراعلیٰ ہاؤس میں معذور بچے سے مصافحہ کررہے ہیں

اگر چار صوبوں کا حکمران ایڈونچر کرنا چاہتا ہے تو کرلے، ہم راستے میں رکاوٹیں کھڑی نہیں کریں گے یہ بھول جائیں ہم ان کا بازو پکڑیں گے

دھمکیاں، بہتان، گالیاں اور مذاکرات اکٹھے نہیں چل سکتے، مسلم لیگ (ن)

مذاکرات کا ماحول بنانا پڑتا ہے، مذاکرات ان کی ضرورت ہے ہماری نہیں، اسمبلیاں توڑنا چاہتے ہیں تو توڑ لیں ہم اس کا حصہ نہیں بنیں گے، اسمبلی توڑی تو بے آسرا آپ نے ہونا ہے، آپ کا خرچہ چلتا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے عمران خان کی جانب سے مذاکرات کی مشروط پیشکش پر دوٹوک موقف اپناتے ہوئے کہا ہے کہ مذاکرات پیشگی شرط کے بغیر ہوں گے، دھمکیاں بہتان گالیاں اور مذاکرات اکٹھے نہیں چل سکتے، مذاکرات کا ماحول بنانا پڑتا ہے، مذاکرات ان کی ضرورت ہے ہماری ضرورت نہیں، تحریک انصاف کی جانب سے مذاکرات کی پیشکش پر معاملہ پی ڈی ایم میں جائے گا اور وہیں حتمی فیصلہ ہونا ہے، اگر چار صوبوں کا حکمران ایڈونچر کرنا چاہتا ہے تو کرلے، ہم راستے میں رکاوٹیں کھڑی نہیں کریں گے یہ بھول جائیں (بقیہ نمبر 7)

وزیر خارجہ کا افغان ہم منصب کا فون، پاکستانی ناظم الامور پر حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سے افغان ہم منصب نے رابطہ کرکے کابل حملے کی (بقیہ نمبر 6)

نادرا خصوصی افراد کو شناخت فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے، طارق ملک

نادرا نے 5لاکھ 48ہزار سے زائد خصوصی افراد کو بلامعاوضہ شناختی کارڈ جاری کئے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین نادرا طارق ملک نے کہا ہے کہ نادرا خصوصی افراد کو شناخت فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ خصوصی افراد کے عالمی دن کے (بقیہ نمبر 5)

عمران خان نے مذاکرات کی کوئی غیر مشروط پیش کش نہیں کی، فواد چوہدری کی تردید

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سینئر رہنما فواد چوہدری نے کہا ہے کہ عمران خان نے مذاکرات کی کوئی غیر مشروط پیش کش (بقیہ نمبر 28)

تفتیشی افسران کا شواہد نہ ہونے کا اعتراف، علی امین گنڈاپور کیخلاف مقدمات خارج

کسی بھی ایف آئی آر میں ملزم کیخلاف دوران احتجاج اسلام آباد میں داخل ہونے کا الزام نہیں، فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما علی امین گنڈاپور کے خلاف مقدمات کے اخراج کا تفصیلی فیصلہ جاری کردیا۔ 14 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس طارق محمود جہانگیری نے تحریر کیا ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں لکھا ہے کہ علی امین گنڈاپور کے خلاف مقدمے کی تفتیشی افسران نے شواہد نہ ہونے کا اعتراف (بقیہ نمبر 29)

رانا ثناء اللہ کے خلاف منشیات برآمدگی کیس کی سماعت 10دسمبر تک ملتوی

وفاقی وزیر داخلہ نے انسداد منشیات کی خصوصی عدالت میں پیش ہوکر حاضری مکمل کروائی

رانا ثنا اللہ ہارٹ اٹیک کی وجہ سے گزشتہ سماعت پر پیش نہ ہوسکے، عدالت سے استدعا کی کہ ایک ہفتے کی تاریخ رکھ لیں

لاہور (این این آئی) انسداد منشیات کی خصوصی عدالت نے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ کے خلاف منشیات برآمدگی کیس کی سماعت 10دسمبر تک ملتوی کردی۔ گزشتہ روز لاہور میں انسداد منشیات کی خصوصی عدالت میں رانا ثنا اللہ کے خلاف منشیات برآمدگی کیس کی سماعت ہوئی۔ رانا ثنا اللہ نے عدالت میں پیش ہوکر حاضری مکمل کروائی تاہم شریک ملزم اکرم علالت کے باعث پیش نہ ہوا۔ وز (بقیہ نمبر 27)

لاہور: صوبائی وزیر اسلم اقبال نیو مزنگ سمن آباد میں پارک کے ترقیاتی کاموں کا افتتاح کررہے ہیں

پی ڈی ایم والوں کو میرے بیان سے غلط فہمی پیدا ہوگئی ہے، عمران خان

صوبائی اسمبلیاں اسی ماہ تحلیل کریں گے، اراکین اسمبلی انتخابات کیلئے ذہنی طور پر تیار ہوجائیں، اپنے اپنے حلقوں میں نکلیں

جواعظم سواتی کیساتھ ہوا اگر میرے ساتھ ہوتا تو میں خودکش حملہ کرنے کیلئے تیار ہوجاتا' خیبر پختونخواہ کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس سے خطاب

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم والوں کو میرے بیان سے غلط فہمی پیدا ہوگئی ہے، میرے سمجھانے سے شاید ان کو غلط پیغام چلا گیا ہے، ہم نے تو پنجاب اور خیبر پختونخواہ کی اسمبلیوں کو تحلیل کرنا ہے اور انتخابات کی طرف جانا ہے، میں نے صرف یہ کہا کہ دو اسمبلیوں کی تحلیل سے 66 فیصد پاکستان میں انتخابات ہوں گے (بقیہ نمبر 8)

سپریم کورٹ نے عوامی نمائندوں کے اثاثے ظاہر نہ کرنے پر نیا حکم جاری کردیا

اعتراض ٹھوس نہ ہوں تو وہ کاغذات مسترد نہ کرنے کا پابند ہے، عدالت

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے عوامی نمائندوں کی جانب سے اثاثے ظاہر نہ کرنے پر نیا حکم نامہ جاری کردیا گیا۔ سپریم کورٹ میں سندھ کے بلدیاتی انتخابات میں کونسلر کے امیدوار یاسر آفتاب کے کاغذات مسترد کرنے کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ سپریم کورٹ کے جسٹس منیب اختر نے درخواست پر 12 صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کردیا۔ عدالت عظمیٰ نے درخواست گزار کے کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کے خلاف اپیل منظور کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کو محض غلطی سے اثاثے ظاہر نہ کرنے پر کاغذات نامزدگی مسترد کرنے سے روک دیا۔ عدالت کے تحریری حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ ریٹرننگ افسر کاغذات کا فیصلہ کرنے سے پہلے تسلی کرے، اعتراض ٹھوس نہ ہوں تو ریٹرننگ افسر کاغذات مسترد نہ کرنے کا پابند ہے۔ سپریم کورٹ نے اپنے فیصلے میں مزید کہا (بقیہ نمبر 10)

خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.5 ریکارڈ کی گئی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں، ریکٹر سکیل پر زلزلے کی شدت 4.5 ریکارڈ کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے جس کے باعث لوگوں میں خوف وہراس پھیل گیا اور لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ امریکی زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلز (بقیہ نمبر 9)

شہباز گل کیخلاف بھی بلوچستان میں مقدمہ درج کرلیا گیا

شہباز گل اداروں میں بغاوت پر اکسانے کے کیس میں ضمانت پر ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما شہباز گل پر اداروں کیخلاف نازیبا زبان استعمال کرنے کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق رہنما پی ٹی آئی شہباز گل کیخلاف گزشتہ روز قلعہ عبداللہ تھانے میں درخواست دی گئی تھی جس پر کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کرلیا گیا۔ شہباز گل پر اداروں کیخلاف نازیبا زبان استعمال کرنے (بقیہ نمبر 11)

عمران خان کا دورہ پشاور منسوخ

خیبر پختونخواہ کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس سے بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کا فیصلہ کیا گیا

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کا دورہ پشاور منسوخ کردیا گیا۔ ترجمان وزیراعلیٰ وپنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے ٹوئٹر پر بتایا کہ سموگ اور موسم کے باعث چیئرمین عمران خان کیلئے فضائی سفر ممکن نہیں تھا اس لئے خیبر پختونخواہ کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس سے بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کا فیصلہ کیا گیا۔ یاد رہے کہ عمران کان (بقیہ نمبر12)

سٹیٹ بینک نے سٹی گروپ کو ایک ارب کے ڈالر بانڈز کی ادائیگی کردی

اسلام آباد/کراچی (این این آئی) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے کہا ہے کہ اس نے ایک ارب کے ڈالر بانڈز کیلئے ادائیگی کردی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سٹیٹ بینک نے کہا کہ اس نے ایک ارب ڈالر کے بانڈز کی ادائیگی سٹی گروپ کو کردی ہے جو یہ رقم آگے قرض دہندگان کو دے گا، سکوک ڈالر بانڈز پر ادائیگی کی ڈیڈ لائن 5دسمبر تھی، سٹیٹ بینک آف پاکستان نے میچورٹی سے تین (بقیہ نمبر 22)

مسلم لیگ (ن) کی رہنماء بیگم نجمہ حمید کی نماز جنازہ (آج) ادا کی جائیگی

پارٹی کے شعبہ خواتین کی طویل ترین عرصہ تک صدر رہنے کا بھی اعزاز انہیں حاصل رہا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین کی سابق صدر، سینئر پارلیمینٹیرین، رکن قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب کی بڑی بہن اور وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کی خالہ بیگم نجمہ حمید صاحبہ کی نماز جنازہ (آج) اتوار مورخہ 4دسمبر کو بعد نماز ظہر راولپنڈی میں ان کی رہائش 877، ایف بلاک سیٹلائٹ ٹاؤن میں ادا کی جائیگی۔ بیگم نجمہ حمید صاحبہ ایصال ثواب کے لئے رسم قل اور اجتماعی دعاء (کل) پیر مورخہ 5دسمبر 2022 کو ظہر کی نماز کے بعد صدیق شادی ہال سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی میں ہوگی۔ بیگم نجمہ حمید ایک سیاسی عہد اور مسلم لیگ کی شناخت تھیں، انہیں پیدائشی مسلم لیگی کا لقب دیا جاتا تھا، قیام پاکستان اور اس کے بعد وہ تمام عمر مسلم لیگ سے ہی وابستہ رہیں۔ پاکستان مسلم لیگ (ھ) کے قائد محمد نوازشریف اور بیگم کلثوم نواز کیساتھ ان کی خصوصی قربت رہی۔ محمد نوازشریف کے سیاسی (بقیہ نمبر 23)

نیول چیف کی ترکیہ، جرمنی اور آذربائیجان کی عسکری قیادت سے ملاقات

نیول چیف نے انسپکٹر آف جرمن نیوی سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا

نیول چیف کے حالیہ دوروں سے ان ممالک کے مابین بالعموم اور مسلح افواج کے درمیان بالخصوص دفاعی تعلقات کو مزید وسعت ملے گی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے ترکیہ، جرمنی اور آذربائیجان کا دورہ کیا۔ دوروں کے دوران نیول چیف نے میزبان ممالک کی عسکری اور بحری قیادت سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں دوطرفہ بحری تعاون اور علاقائی میری ٹائم سیکیورٹی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دورہ ترکیہ کے دوران نیول چیف نے استنبول نیول شپ یارڈ میں منعقدہ پاکستان نیوی ملجم کلاس کارویٹ پی این ایس خیبر کی لانچنگ تقریب میں شرکت کی۔ وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور صدر جمہوریہ ترکیہ رجب طیب اردگان نے بطور مہمان خصوصی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب میں بیگم چیف آف دی نیول اسٹاف، بیگم عامرہ امجد کو جدید ترین پی این ایس خیبر لانچ کرنے کا اعزاز حاصل ہوا. جرمن وزارت دفاع آمد پر جرمن بحریہ کی جانب (بقیہ نمبر 21)

لاہور: وفاقی وزیر مذہبی امور مفتی عبدالشکور اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

نالائق حکمرانوں کی وجہ سے ملک میں دہشتگردی دوبارہ اٹھا رہی ہے، چوہان

ہم ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچانے کے لئے فوری انتخابات چاہتے ہیں' ترجمان وزیراعلیٰ پنجاب کی میڈیا سے گفتگو

ہر طرح کی سختی برداشت کی مگر کبھی عمران خان کی حمایت سے پیچھے نہیں ہٹا۔ جو عمران خان کہیں گے

لاہور (این این آئی) ترجمان وزیر اعلیٰ پنجاب فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ تمام علماء کو مولانا فضل الرحمٰن کے بیان کی پرزور مزمت کرنی چاہیے، مولانا فضل الرحمن کے بیان پر سول سوسائٹی کو سڑکوں پر آنا چاہئے اور میڈیا کو فضل الرحمٰن کا مکمل بائیکاٹ کرنا چاہئے، لوگوں کو مولانا فضل الرحمٰن کی غلیظ زبان پر محاسبہ کرنا چاہیے تا کہ وہ دوبارہ ماؤں اور بیٹیوں کے خلاف بات نہ کرسکے۔ انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم عوام کی بھلائی کے لئے جلد الیکشن چاہتے ہیں۔ ہم اس لئے فوری الیکشن چاہتے ہیں کہ ملک کو دیوالیہ ہونے سے بچایا جاسکے۔ ہم اس لئے فوری الیکشن چاہتے ہیں تا کہ ملک کا جی ڈی پی دوبارہ بہتر کرسکیں۔ ہم اس لئے فوری الیکشن چاہتے ہیں تا کہ پاکستان کی انڈسٹری کو دوبارہ بہتری کی طرف لاسکیں۔ انکا کہنا تھا کہ نالائق حکمرانوں کی وجہ سے ملک میں دہشگردی دوبارہ سر اٹھا رہی ہے جبکہ (بقیہ نمبر 13)

چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل محمد امجد خان نیازی نے ترکیہ، جرمنی اور آذربائیجان کا دورہ کررہے ہیں

سندھ اور بلوچستان کے سیلاب متاثرین سردی کے باعث بیمار ہونے لگے

کراچی / کوئٹہ (این این آئی) سندھ اور بلوچستان کے سیلاب متاثرین سردی کے باعث بیمار پڑنے لگے۔ تفصیلات کے مطابق۔ ڈیرہ مراد جمالی میں شدید سردی کے باعث سیلاب متاثرین کے خیموں میں بچے، خواتین اور بزرگ بیمار پڑنے لگ گئے۔ سندھ کے ضلع قمبر شہدادکوٹ کے علاقوں میں جگہ جگہ پانی جمع ہونے کے باعث سیلاب متاثرین اب بھی امداد کے منتظر ہیں۔ اس حوالے (بقیہ نمبر 20)

کراچی دنیا کے سب سے سستے شہروں میں چھٹے نمبر پر آگیا

دنیا کے بڑے شہروں میں افراط زر کی شرح اوسطا 8.1 فیصد بڑھی ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان کا معاشی حب کراچی زندگی گزارنے کے لیے بنیادی اخراجات کے اعتبار سے دنیا کے سب سے سستے شہروں میں چھٹے نمبر پر آگیا۔ تفصیلات کے مطابق برطانیہ کے اشاعتی ادارے دی اکنامسٹ گروپ نے دنیا کے مہنگے اور سستے شہروں کی فہرست جاری کردی۔ جس میں ممالک کے شہروں کی درجہ بندی کی گئی ہے (بقیہ نمبر 25)

بلدیاتی الیکشن، راولاکوٹ کے 2 مقامات پر ہنگامہ آرائی، پولنگ متاثر

پولنگ اسٹیشن 62 کوئیاں کے مقام پر 2 گروپوں میں ہنگامہ آرائی ہوئی ہے

راولاکوٹ (این این آئی) آزاد کشمیر میں بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلے کا آغاز ہو گیا ہے، راولاکوٹ میں 2 مقامات پر ہنگامہ آرائی کی وجہ سے پولنگ کا عمل متاثر ہوگیا ہے۔ پولیس نے کہا کہ راولاکوٹ میں بلدیاتی الیکشن کے دوران 2 مقامات پر ہنگامہ آرائی ہوئی ہے جس کی وجہ سے پولنگ کا عمل متاثر ہوگیا ہے۔ پولیس نے (بقیہ نمبر 26)

موٹروے ایم 1 اور ایم 2 شدید دھند کے سبب کئی مقامات سے بند کردی گئی

لاہور (این این آئی) موٹروے ایم 2 شدید دھند کے سبب لاہور سے خانقاہ ڈوگرہ تک بند کر دی گئی۔ موٹروے حکام کے مطابق دھند کی وجہ سے ایم ون، پشاور ٹول پلازہ سے رشکئی تک بند کی گئی ہے۔ موٹر وے پولیس نے ڈرائیورز کو حکام کے ساتھ تعاون کرنے اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ موٹروے پولیس کی جانب سے دھند کے سبب جاری کی گئی احتیاطی تدابیر میں کہا گیا ہے کہ ڈرائیوڑ حضرات (بقیہ نمبر 24)

لاہور: سیکرٹری بلدیات سید مبشر حسین محکمانہ ترقیاتی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور، بیوی کو قتل کرکے فرار ہونیوالا ملزم 7 سال بعد گرفتار کرلیا گیا

لاہور (این این آئی) پولیس نے بیوی کو قتل کرکے فرار ہونے ہونے والے ملزم کو 7سال بعد گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم گھریلو جھگڑے پر بیوی کو قتل (بقیہ نمبر 19)

پنجاب یونیورسٹی نے پانچ سکالرز کو پی ایچ ڈی کی ڈگریاں جاری کردیں

پی ایچ ڈی مقالہ جات کی تکمیل کے بعد پی ایچ ڈی کی ڈگریاں جاری کردیں

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی نے ثناء جاوید دختر شیخ شوکت جاوید کو فارمیسی (فارماسیوٹکس) کے مضمون میں درد شقیقہ اور اس سے منسلک متلی کے لئے سوماٹرپٹین سکسینیٹ اور کلورپیرازین میلی ایٹ کی منہ میں حل ہوجانے والی پٹیوں کی تشکیل (بقیہ نمبر 18)

خصوصی افراد میں کسی بھی عام فرد سے زیادہ صلاحیتیں پوشیدہ ہیں' محمد سبطین خان

حکومت سپیشل نفوس کی تعلیم وتربیت، ترقی، ہنرمندی اور روزگار کیلئے ہنگامی وترجیحی اقدامات کررہی ہے

لاہور (این این آئی) خصوصی افراد کے عالمی دن کی مناسبت سے پنجاب اسمبلی میں تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ سپیکر پنجاب اسمبلی محمد سبطین خان کی زیر صدارت غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سکولوں میں پڑھنے والے خصوصی بچوں کے اعزاز میں (بقیہ نمبر 14)

دروازہ پر کوڑا پھینکنے سے منع کرنے پر 22 سالہ لڑکی کو قتل کردیا گیا

لاہور (این این آئی) دروازہ پر کوڑا پھینکنے سے منع کرنے پر 22 سالہ لڑکی کو فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا، پولیس نے قاتل میاں بیوی کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 15)

لاہور: ترجمان وزیراعلیٰ پنجاب مسرت جمشید چیمہ ودیگر میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

عمران خان نے کافی کچھ سیکھ لیا ہوگا اب سنجیدگی آجانی چاہئے، مراد علی شاہ

ان کو بات چیت کرنی ہے تو اس میں شرطیں نہیں لگائی جاتیں، پاکستان کی بہتری کے لیے بات چیت ضروری ہے، وزیراعلیٰ سندھ

ایم کیو ایم کے ساتھ پہلے بھی اتحاد رہا ہے، ایم کیو ایم کے ساتھ اس صوبے کی بہتری کے لیے ساتھ چلنا ہے، میڈیا سے بات چیت

کراچی (این این آئی) وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ عمران خان نے کافی کچھ سیکھ لیا ہوگا اب سنجیدگی آجانی چاہیے، اتحادیوں نے عمران خان کے ساتھ کام نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا کہ عمران خان عدم اعتماد کے ذریعے جمہوری طریقے سے نکالے گئے، وہ اپنی کارکردگی نہیں دیکھتے، اللہ کا شکر ہے کہ ان کا اقتدار ختم ہو گیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر عمران خان کو بات چیت کرنی ہے تو اس میں شرطیں نہیں لگائی جاتیں، پاکستان کی بہتری کے لیے بات چیت ضروری ہے۔ پی پی کے رہنما نے کہا کہ عمران خان اپنی کارکردگی نہیں دیکھتا، کبھی سازش میں چلا جاتا ہے کبھی کیا کہتا ہے، یہ شخص چند گھنٹوں کے لیے سکھر آیا، کھانا کھایا اور چلا گیا، مونس الٰہی نے جو کہا ہے کہ وہ ان سے پوچھیں، عمران خان کو آئینی طریقہ سے نکالا، اتنی سی بات ان کو سمجھ نہیں آرہی ہے۔ (بقیہ نمبر 17)

پیپلز پارٹی کے رہنما رہنما وقار مہدی بلامقابلہ سینیٹر منتخب ہوگئے

ایم کیو ایم نے وقار مہدی کے مقابلے میں اپنے امیدوار کے کاغذات واپس لے لیے

کراچی (این این آئی) وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان نے وقار مہدی کے مقابلے میں اپنے امیدوار کے کاغذات واپس لے لیے۔ کراچی میں الیکشن کمیشن کے باہر سعید غنی اور دیگر کے (بقیہ نمبر 16)

جنرل (ر) باجوہ کے فیملی ممبران کے ٹیکس گوشوارے لیک کرنے پر FBR دو افسران معطل

خاتون ڈپٹی کمشنران لینڈ ریونیو اور اسلام آباد میں سیکرٹری ریفارمز اینڈ ماڈرنائزیشن ونگ کو 120 دن کیلئے معطل کیا گیا ہے، نوٹیفکیشن

ایف بی آر ہیڈ کوارٹر اسلام آباد میں گریڈ 17 کے سیکرٹری ریفارمز اینڈ ماڈرنائزیشن ونگ احسن کلیم خان کو 120 دن کیلئے معطل کردیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کے فیملی ممبران کے ٹیکس گوشوارے لیک کرنے پر ایف بی آر کے مزید دو افسران کو معطل کردیا ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ کے فیملی ممبران کے ٹیکس گوشوارے لیک کرنے میں مبینہ طور پر ملوث ایف بی آر کے مزید دو افسران کو معطل کردیا ہے۔ جاری نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ مجاز اتھارٹی چیئرمین ایف بی آر نے انضباطی کارروائی کرتے ہوئے ریجنل ٹیکس آفس (آر ٹی او) لاہور کے گریڈ 18 کی خاتون ڈپٹی کمشنران لینڈ ریونیو مس نرجس شاہین علی خان اور ایف بی آر ہیڈ کوارٹر اسلام آباد میں گریڈ 17 کے سیکرٹری ریفارمز اینڈ ماڈرنائزیشن ونگ احسن کلیم خان کو 120 دن کیلئے معطل کردیا ہے۔ اس سے قبل ریجنل ٹیکس آفس لاہور کے گریڈ 18 کے دو افسران عاطف وڑائچ اور ظہور احمد کو معطل کیا جاچکا ہے۔

روزنامہ عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بڑھتے قدم نہ رک پائیں گے، کوئی روک سکے تو روک لے

بھارت جوڑو یاترا نے راہل گاندھی کو سیاست سکھا دی۔ کھیل کے ترمیم شدہ اصول و ضوابط جانے بغیر ماہر سے ماہر کھلاڑی بھی فتح سے ہمکنار نہیں ہوسکتا۔ راہل گاندھی کو سیاست کی مہارت تو وراثت میں مل گئی لیکن اس کھیل میں جو نت نئے تماشے رائج ہو گئے ہیں ان سے وہ واقف نہیں تھے۔ یہ ایک فطری بات ہے کیونکہ انسان عام طور کتابوں سے یا اپنے ماحول سے زیادہ تر باتیں سیکھتا ہے۔ راہل کے ماحول وہ چیزیں موجود نہیں تھیں۔ ان کے پاس اس ماحول سے باہر جانے کی نہ فرصت تھی اور نہ وہ اس کی ضرورت محسوس کرتے تھے۔ راہل کے لیے اقتدار کا راستہ بہت آسان تھا۔ راہل نے ہوش سنبھالا تو وزیراعظم ڈاکٹر منموہن سنگھ سونیا گاندھی کی مرہونِ منت تھے۔ کانگریسی منتظر تھے کہ جب مناسب موقع پر منموہن سنگھ خود آگے بڑھ اقتدار سے دستبردار ہو جائیں گے اور راہل گاندھی کے سر پر وزارت عظمی کا تاج سجا دیا جائے گا۔ اسی لیے بی جے پی والے انہیں یووراج (ولیعہد) کہہ کر مذاق اڑاتے تھے لیکن درمیان میں اقتدار بدل گیا۔ کانگریس کی یکے بعد دیگرے دو مرتبہ انتخابی شکست نے یہ بات واضح کردی کہ راہل کو کرسی اقتدار فائز کرنا سونیا گاندھی کے بس کی بات نہیں ہے۔ اب انہیں اپنا کنواں خود کھود کر اس میں سے پانی نکالنا ہوگا۔ کانگریس پارٹی پر یہ الزام لگتا تھا کہ وہ ایک خاندان کی پارٹی ہے کیونکہ سونیا گاندھی اس کی صدر اور راہل گاندھی وزارت عظمی کے امیدوار ہیں۔ وقت ضرورت پرینکا گاندھی کارکنان کو پرجوش کرنے کی خاطر نمودار ہوجاتی ہیں۔ ان تینوں کے علاوہ کوئی اور نظر ہی نہیں آتا حالانکہ بی جے پی میں تو دو ہی نظر آتے ہیں لیکن ان کا تعلق ایک خاندان سے نہیں ہے۔ کانگریس نے ملک ارجن کھڑگے کو پارٹی کا صدر منتخب کر کے اس الزام کی عملاً تردید کردی اور یہ پیغام دیا کہ ایک دلت رہنما آزادانہ طور پر پارٹی کی کمان سنبھال سکتا ہے۔ بہت طویل عرصے کے بعد کسی پارٹی میں کارکنان کے رائے مشورے سے کوئی سربراہ منتخب ہوا ہے ورنہ چہار جانب نامزدگی کا دور دورہ ہے۔ وزیراعظم کی مرضی کے بغیر پارٹی میں پتا بھی نہیں ہلتا۔ وہ فون کر کے جس سے چاہیں۔ استعفی لے لیتے ہیں اور جس کو مرضی ہو نامزد فرمادیتے ہیں۔ یہ تو نظریات کی حامل کیڈر والی پارٹی کا حال ہے اس کے علاوہ جہاں موروثی نظام رائج ہے ان کا کیا کہنا؟ اس لحاظ سے اب راہل کی پارٹی پر موروثیت کا الزام لگانا مشکل ہوگیا ہے۔ راہل گاندھی کی بھارت جوڑو یاترا کی اب تک سب سے زیادہ پذیرائی مہاراشٹر میں ہوئی۔ شے گاوں کے خطاب عام نے ناندیڑ کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ اس سے قبل ساورکر کے ذکر شر سے کانگریس نے میڈیا کو تو اپنی جانب راغب کر کے تشہیر کروالی مگر مخالفین کو اس سے فائدہ اٹھانے کا موقع نہیں دیا اور جو لوگ مہاراشٹر وکاس اگھاڑی کے ٹوٹنے کی آس لگائے بیٹھے تھے، ان کے ارماں آنسوؤں میں بہہ گئے۔ اس لیے گودی میڈیا وفا کر کے بھی اپنے آقاؤں کے ساتھ تنہا رہ گیا تھا۔ راہل گاندھی کی بھارت جوڑو یاترا 23 نومبر کو برہان پور ضلع سے مدھیہ پردیش میں داخل ہو کر 24 نومبر کو اندور پہنچے گی۔ اس دوران راہل گاندھی 24 نومبر کو خالصہ کالج کے اسٹیڈیم میں شب گزاریں گے۔ ایم پی میں یاترا کے حوالے سے کانگریسی رہنما اور کارکنان کافی پرجوش ہیں۔ ان کا دعوی ہے کہ بھارت جوڑو یاترا سے تمام طبقات کے لوگ براہ راست جڑ رہے ہیں۔ کانگریس کو توقع ہے کہ مالوا خطے میں یہ مہم اپنے پورے شباب پر ہوگی اور ہزاروں نوجوان اس کا حصہ بنیں گیاور اندور کے اندر راہل گاندھی کی جلسہ عام میں بھی لاکھوں لوگوں کی شرکت کا امکان ہے۔ اس جوش و خروش کے دوران مدھیہ پردیش میں داخلہ سے قبل بھارت جوڑو یاترا میں شامل راہل گاندھی کو اندور کے اندر بم سے اڑا دینے کی دھمکی نے ایک نیا ہیجان کھڑا کر کے عوامی بحث ومباحثے کا موضوع بنا دیا ہے۔ راہل گاندھی کے لیے یہ دھمکی آمیز خط جونی اندور تھانہ علاقے میں ایک مٹھائی کی دکان پر موصول ہوا۔ اس کے بعد مقامی پولیس اور کرائم برانچ کے اہلکار آس پاس نصب سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے خط چھوڑنے والے شخص کی تلاش میں جٹ گئے۔ اندور کے خالصہ کالج میں بھارت جوڑو یاترا کے دوران راہل گاندھی کے رکنے پر بم سے اڑانے کی دھمکی دی گئی ہے۔ یہ خط غالباً اجین سے آیا ہیاور لفافہ پر خط بھیجنے والی کی جگہ رتلام کے بی جے پی رکن اسمبلی چیتن کشیپ کا نام لکھا ہے حالانکہ انہوں نے اسے ایک سازش قرار دے کر اس سے لاتعلقی ظاہر کیا ہے۔ اس خط میں 1984 کے اندر ہونے والے سکھ قتل عام کا حوالہ دینے کے بعد یہ دھمکی دی گئی ہے کہ اس ماہ اندور میں مختلف مقامات پر خوفناک بم دھماکے ہوں گے۔ پورا اندور بم دھماکوں سے لرز اٹھے گا اور کمل ناتھ کو گولی ماردی جائے گی۔ راہل گاندھی کو بھی راجیو گاندھی کے پاس بھیج دیا جائے گا۔ مذکورہ دھمکی آمیز خط کے بعد ہر طرف افراتفری پھیل گئی اور پولیس وانتظامیہ بھی سرگرم ہوگئی اور اس نے ایک مشتبہ شخص کو حراست میں لے کر کسی خفیہ مقام پر پہنچا دیا۔ اس فرد کا تعلق سکھ طبقہ سے ہے۔ ویسے کمشنر کے خیال میں اس نے یہ خط نہیں لکھا۔ مدھیہ پردیش کے سابق وزیراعلی کمل ناتھ نے بھارت جوڑو یاترا کی سیکورٹی سخت کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اس معاملے میں وہ وزیراعلی سے مل چکے ہیں۔ کمل ناتھ کے مطابق بی جے پی بوکھلائی ہوئی ہے، اس لیے ہر طرح کے ہتھکنڈے اختیار کررہی ہے۔

پاگل خانہ نئے موڑ پر؟

شہزاد ملک

حالات بہت خراب ہیں، ہم حالت جنگ میں ہیں، بہت سی دھمکیاں ہیں، دیوالیہ ہونے والا ہے، کباڑ اور ستیاناس ہوچکا ہے، ملک خطرے میں ہے، جمہوریت خطرے میں ہے، مذہب خطرے میں ہے اور بھی بہت سی آفات اور قیامتوں کا تذکرہ کر کے اس ملک کے سادہ عوام کو ہر دور میں خوفزدہ، مایوس اور ابہام کا شکار بنایا جاتا رہا ہے۔ جب سے پاکستان بنا ہے ہمیں یہ ہی بتایا جا رہا ہے کہ ملک بہت نازک حالت میں ہے ہمارے خلاف بہت سی سازشیں ہو رہی ہیں، کبھی ہمیں فلاں کھا جائے گا اور کبھی فلاں حملہ کردے گا۔ ان سارے فوبیاز کے ساتھ ساتھ ہماری رگوں میں یہ زہر بھی اتارا جارتا رہا ہے کہ فلاں بنگالی ہے، یہ سندھی، بلوچی، پٹھان اور کشمیری نجانے کیا کیا ہے۔ شعیہ، سنی وہابی اور نجانے کیا کیا تفرقے سرکاری سرپرستی میں پلتے رہے جعلی سیاسی جماعتیں اور کٹھ پتلی قائدین کے بت تراشے جاتے رہے عدلیہ تک کو تماشا بنا دیا گیا اور ہماری تاریخ چیخ چیخ کر ان حقائق کا ماتم کرتی ہے کہ مزکورہ بالا وارداتوں میں ہماری سیاسی عسکری اور مذہبی قیادت بھی ملوث رہی اور ہماری عدلیہ نے کبھی بھی کالے کرتوں والے جابروں کا راستہ نہ روکا سول وفوجی آمریت، بے انتہا بے انصافی عدم مساوات لاقانونیت اور جبر کے نتیجے میں وطن عزیز پاکستان میں مافیاز نے اپنے پنجے گاڑھ لئے ہمارا سماج ابنارمل ہوگیا تگڑے مافیاز نے اس ملک کے قابل ذہین اور سرمایا دار افراد کو ملک سے بھاگ جانے پر مجبور کر دیا، مسئلہ کشمیر جیسے اہم ایشوز پر ہم کمزور پڑ گئے ہماری خارجہ پالیسی اور وزارت خزانہ تک امریکہ اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی مرضی کے مطابق چلنے لگی اور ہم سابق چیف جسٹس ثاقب نثار، سابق چیئرمین نیب جسٹس جاوید اقبال اور جنرل قمر جاوید باجوہ جیسے ہیرے تراشنے لگے ملک میں کرپشن کا یہ عالم ہوگیا کہ عام لوگوں کو تو چلو چھوڑ دو ہماری عدلیہ بھی ایک سو چالیسویں نمبر پر جا پہنچی؟ مجبوریوں غربت اور بے روزگاری کی چکی میں پستے ہوئے عوام پر دہشت گردی کا عذاب بھی مسلسل جاری رہا، یہ ساری وہ قیامتیں تھیں جن کی وجہ سے سماج میں پاگل پن بڑھا ابنارمل رویے، انتشار، اشتعال، نفرتیں اور تفرقے ایک دن میں پیدا نہیں ہوئے ان کو پروان چڑھانے میں ہمارے اندرونی دشمنوں نے بڑی محنت کی ہے، اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ ہمارے بیرونی دشمنوں نے وطن عزیز پر بہت وار کئے ہیں بیرونی دشمنوں نے بھی ہماری تباہی کیلئے بہت کچھ کیا ہے مگر اکثر و بیشتر ہم خود ہی کرائے کے قاتل بن گئے۔ قارئین محترم قافلہ لٹنے کی غیر جانبدار تفتیش جب بھی کی جائے گی، ناکامیوں، تباہ حالیوں کی تاریخ جب بھی لکھی جائے گی پاگل پنے کے اسباب جب بھی تلاش کئے جائیں گے تو ہمارے اپنے ہی گھناؤنے چہرے سامنے آئیں گے، بالخصوص گزشتہ چھ سالوں میں وطن عزیز میں جو کھیل کھیلا گیا قومی سلامتی، ملکی وقار اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کی بنیادی آئیڈیالوجی کو جس انداز میں تماشا بنایا گیا۔

کوشیاری کے نہلے پر سدھانشو کا دہلا

ڈاکٹر سلیم خان

مہاراشٹر میں شیواجی پر گورنر بھگت سنگھ کوشیاری اور بی جے پی ترجمان سدھانشو ترویدی کے بیانات کو پڑھ کر بڑے میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ کی یاد آتی ہے۔ صوبے کی نئی مخلوط حکومت کو عوام میں اپنی مقبولیت بڑھانے کے لیے کچھ ایسا کارنامہ کرنا ضروری ہوگیا تھا کہ جو پہلے والی وکاس اگھاڑی کی سرکار سے نہیں ہوسکا۔ اس مقصد کی حصول کی خاطر برطانیہ سے شیواجی کی تلوار واپس لانے کا شوشہ چھوڑا گیا۔ ان لوگوں نے سوچا ہوگا رشی سونک کے وزیراعظم بن جانے کے بعد یہ کام آسان ہوجائے گا لیکن اس سے پہلے کہ اس جانب کوئی پیشقدمی ہوتی ایک نیا ہنگامہ کھڑا ہوگیا۔ صوبے کے گورنر بھگت سنگھ کوشیاری نے شیواجی کے نمونے کو فرسودہ قرار دے کر نتن گڈکری کو عصرِ حاضر میں متبادل کے طور پر پیش فرمادیا۔ اس طرح شیوسینا کو سونے کی طشتری میں ایک ایسی تلوار رکھ کر پیش کرنے کے مترادف تھا کہ جس سے وہ بی جے پی کا سیاسی قتل عام کردے۔ گورنر کی اس احمقانہ حرکت سے گھبرا کر بی جے پی والوں نے کسی طرح اپنا پلہ جھاڑا تو ان کی حمایت میں نائب وزیراعلی دیویندر فڈنویس کی زوجہ امرتا کود پڑیں۔ انہوں نے کہا: میں گورنر کو ذاتی طور پر جانتی ہوں۔ انہوں نے مہاراشٹر آنے کے بعد مراٹھی سیکھی۔ وہ مراٹھیوں سے حقیقی محبت رکھتے ہیں۔ میں نے خود بھی اس کا تجربہ کیا ہے لیکن ایسا کئی بار ہوا ہے کہ انہوں نے کچھ کہا اور اس کی کچھ اور تشریح کردی گئی۔ وہ دل سے مراٹھی مانوس ہیں۔ امرتا فڈنویس کا تجربہ درست ہوسکتا ہے اور گورنر دل دل سے مراٹھی بھی ہوسکتے ہیں۔ انہیں مراٹھیوں سے محبت بھی ہوسکتی ہے، بہت ممکن ہے اسی لیے انہوں نے مودی کے بجائے مراٹھی مانوس نتن گڈکری کو عصرِ حاضر میں شیواجی کا متبادل قرار دیا لیکن سوال یہ ہے کہ گورنر صاحب کو شیواجی کا احترام کرتے ہیں یا نہیں؟ اپنے بیان میں انہوں نے شیواجی کی توہین کی یا نہیں؟ کوئی شخص اگر دل سے مراٹھی مانوس ہو تو کیا شیوسینا اس کے ذریعہ اپنے آئیڈیل شیواجی راجہ کی تحقیر برداشت کرلے گی؟ ادھو ٹھاکرے کا بیان اس کی تردید کرتا ہے۔ سابق وزیراعلی ادھو ٹھاکرے نے مرکز کو خبردار کیا ہے کہ چار دن میں اگر گورنر کوشیاری کو واپس نہیں بلایا گیا تو شیوسینا اس کے خلاف اپنے انداز میں احتجاج کرے گی۔ ساری دنیا جانتی ہے کہ شیوسینا کا اپنا انداز پرتشدد ہوتا ہے۔ امرتا فڈنویس کی حمایت کے بعد ادھو ٹھاکرے نے یاد دلایا کہ پچھلے ہفتہ گورنر کوشیاری نے شیواجی مہاراج کو پرانے دنوں کے آئیکن کہہ کر ان کی توہین کی تھی۔ انہوں نے کوشیاری کو مرکزی حکومت کی طرف سے بھیجا گیا ایک ایمیزون پارسل قرار دیتے ہوئے کہا کہ مہاراشٹر کو یہ پارسل نہیں چاہیے۔ ادھو نے مرکزی حکومت سے استدعا کی چونکہ ہم یہ نہیں چاہتے اس لیے آپ اسے واپس لے لیں اور جہاں مرضی ہو بھیج دیں۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ مرکزی حکومت ریاستوں پر اپنی پسند کے گورنرس کا تقرر کرتی ہے لیکن ایک آئینی عہدے پر فائز ہوجانے کے بعد اس سے غیر جانبداری کی توقع کی جاتی ہے۔ ادھو ٹھاکرے نے مرکزی حکومت سے سوال کیا کہ کیا گورنر کوشیاری کے ذریعہ پہلے جیوتی با پھولے اور اب شیواجی مہاراج کی توہین مرکزی حکومت کے جذبات وخیالات کی عکاس ہے؟ مرکزی حکومت کو اس کا جواب دینا ہوگا ورنہ ان کی یہ سوال درست ہوجائے گا کہ کیا گورنر کا عہدہ اولڈ ایج ہوم جیسا ہوگیا ہے؟ ادھو ٹھاکرے نے گورنر کی واپسی کے لیے دباؤ بنانے کی خاطر مختلف سیاسی جماعتوں سے متحد ہونے کی اپیل کی۔ اس کا نہایت موثر جواب مہاراشٹر کے معمر ترین سیاسی رہنما شرد پوار کی جانب سے آیا۔ انہوں نے کوشیاری پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایسے لوگوں کو اہم عہدہ نہیں دیا جانا چاہیے۔ سابق مرکزی وزیر نے مطابق کوشیاری نے ساری حدیں پ عبور کردی ہیں۔ نامہ نگاروں سے گفتگو کے دوران شرپوار نے کہا گورنر کی جانب سے کی جانے والی شیواجی کی تعریف وتوصیف بہت تاخیر سے سامنے آئی۔ ادھو کی آواز میں آواز ملاتے ہوئے این سی پی سپریمو نے کہا کہ اب صدر اور وزیر اعظم کو کوشیاری کے بارے ایک حتمی فیصلہ کرلینا چاہیے۔ بی جے پی کی رعونت دراصل اس کی راہ کا بہت بڑا روڑا ہے۔ اس سے جب کوئی غلطی سرزد ہوتی ہے تو وہ توجہ دہانی کے بعد بھی مائل بہ اصلاح ہونے کے بجائے اڑ جاتی ہے اور اپنا نقصان کر بیٹھتی ہے۔ گورنر کوشیاری کو اپنی ناک کا مسئلہ بنا کر وہ اپنا ناقابلِ تلافی نقصان کروا رہی ہے۔ امرتا فڈنویس اور بھگت سنگھ کوشیاری نے مل کر شیوسینا کو جو مدعا عنایت کیا ہے کہ اس کی مدد سے مہاراشٹر میں بی جے پی کی ارتھی اٹھائی جاسکتی ہے۔ گورنر کے اس تنازع نے ساورکر پر راہل گاندھی کے تبصرے سے پیدا ہونے والی دراڑ کو پر کردیا۔ ہندوستانی سیاست میں کانگریس کی مخالفت کے لیے گاندھی جی پر تنقید کرنا جن لوگوں کیلئے ضروری تھا ان کی خاطر ونا یک دامودر ساورکر حمایت ایک مجبوری تھی۔ یہی وجہ ہے کہ ساورکر کو گاندھی کا متبادل بنا کر پیش کیا گیا۔ اس مہم میں شیوسینا سمیت سارے ہندوتوا نواز شامل تھے۔ راہل گاندھی نے ساورکر کو بزدل کہا تو شیوسینا کے لیے دھرم سنکٹ کھڑا ہوگیا اور اس کے لیے راہل سے خود کو الگ کرنا لازمی ہوگیا۔ اس لیے پہلے ادھو ٹھاکرے نے اور پھر سنجے راوت نے ساورکر کے معافی نامہ والے بیان سے برات کا اعلان کیا۔ اس کے برعکس گورنر کے ذریعہ شیواجی کی توہین نے مہا وکاس اگھاڑی کے سارے فریقوں کو پھر سے متحد کردیا۔ حالات بدلے تو سنجے راوت نے راہل گاندھی کی تعریف کر کے مہا وکاس اگھاڑی کے ٹوٹنے کا خدشہ دور کردیا۔ راوت نے کہا یاترا کے دوران ان سے صحت کے متعلق مزاج پرسی کر کے راہل نے قابلِ تحسین انسانیت نوازی کا ثبوت دیا ہے۔ ساورکر وا پر تنقید کو لے کر مدافعت میں آنے والی کانگریس پھر سے جوش میں آگئی۔

خوش آمدید۔۔سپہ سالار جنرل سید عاصم منیر

نسیم اللہ حق زہدی

الحمد اللہ ! پاکستان کے نئے سپہ سالار جنرل سید عاصم منیر کی تعیناتی نے ملک دشمن عناصر کے مذموم عزائم خاک میں ملا دیئے ہیں اور ان سیاسی مخالفین کے منہ بھی بند کردیئے ہیں جنہوں نے 7اپریل کے بعد سے ملک کو اپنے سیاسی مفادات کی خاطر تختہ مشق بنایا ہوا تھا اور پاک افواج کا مورال ڈاؤن کرنے کیلئے الزام تراشی، فیک ومن گھڑت خبروں کی ایک گھناؤنی مہم شروع کر رکھی تھی، جس کیلئے مجبورا سربراہ آئی ایس آئی لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم کو پریس کانفرنس کرنا پڑی جس کے بعد پی ٹی آئی چیئرمین وسابق وزیراعظم عمران خان کا سازشی بیانیہ زمین دوز ہوگیا۔ تحریک انصاف کے جلسوں، احتجاجی لانگ مارچ نے ملک کے اعلی ترین عہدے کو متنازعہ بنانے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی اور دنیا بھر میں وطن عزیز کی جگ ہنسائی کا موقع ضائع نہیں کیا۔ سوال تو یہ ہے کہ کیا عمران خان نے آرمی چیف کی تعیناتی پر واویلا مچانے، اعتراضات اٹھانے کے پس پردہ مقاصد حاصل کرلئے ہیں، یقیناً ان کی بلیم گیم کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ سیاسی رہنماں وقیادت کو چاہئے کہ ملکی سلامتی کو مقدم رکھتے ہوئے تمام تر اختلافات کو یکسر بھلا کر نئی عسکری قیادت کو خوش آمدید کہیں اور پاکستان کے دفاع کو مستحکم کرنے پر زور دیں مگر یہاں مفاد پرست سیاست دانوں نے اس وقت ملک میں فوج مخالف فضا پیدا کی ہوئی ہے جس کا مقصد فوج کی ملک وقوم کی خاطر دی ہوئی بے بہا قربانیوں کو یکسر فراموش کر کے فوج کے کردار کو قوم کے سامنے مشکوک بنانا ہے ایڈولف ہٹلر کہتا ہے کہ کسی بھی قوم پر کاری ضرب لگانے کا پہلا طریقہ یہ ہے کہ اس ملک کی فوج کو اس قوم کی نظروں میں اتنا مشکوک بنا دو کہ وہ اپنے محافظوں کو اپنا دشمن سمجھنے لگے، آج چند اقتدار کے پجاری ہوس پرست سیاست دان، حکمران اسی ملک وقوم دشمن ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں۔ تاریخ گواہ ہے کہ دنیا کا ہر وہ حاکم نہ اپنی سلطنت کا تحفظ کرسکا اور نہ اپنی قوم یا رعایا کا جس نے فوج رکھنے کے باوجود اپنی سپاہ کی ترقی اور برتری وافزونی پر توجہ نہ دی علاوہ ازیں ایسی متعدد سلطنتیں وریاستیں بھی تباہی وبربادی کا شکار ہوگئیں جن کے حکمرانوں نے فوج کو جانثاروں وجانبازوں کا درجہ دینے بجائے اسے غلامی کی زنجیروں میں جکڑنے کی نہ صرف کوشش کی بلکہ قوم کو بھی فوج کے خلاف باغیانہ رویہ اختیار کرنے پر اکسایا، اس کی زندہ اور تازہ مثال مشرقی پاکستان کی صورت میں دی جاسکتی ہے آج بھی چند ناعاقبت اندیش سیاست دانوں، حکمرانوں نے تاریخ سے سبق سیکھنے کی بجائے ماضی کو دہرانے پر تلے ہوئے ہیں۔ قدرت کا انصاف دیکھیے کہ سیاست دان اور حکمران جو ذلت، ذلالت پاک فوج کے کھاتے میں ڈالنا چاہتے تھے، آج وہ خودان کے حصے میں آچکی ہے۔ چندسالوں میں پاک فوج کے خلاف جس قسم کا زہریلا اور پرفتن پراپیگنڈہ کیا گیا ہے اور جس طرح کی فتنہ خیز زبان استعمال کی گئی ہے کوئی محب وطن ایسی زبان کا استعمال تو کجا، اس کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا۔ ایسے رویے اور ایسی زبان کے استعمال پر جہاں ایک طرف شدید دکھ پہنچا وہاں قوم کے کروڑوں محب وطن افراد کا پاک فوج کے حق میں نہایت مثبت وجاندار انداز وطریق اور شاندار الفاظ میں خراج تحسین دل کی تسکین وتشفی کا باعث بھی بنا۔ یادرہے کہ ہمارا دشمن ہماری تاک میں ہے وہ ہر لحہ ہماری سلمیت پر گھات لگائے بیٹھا ہے یہی وجہ ہے کہ نئے آرمی چیف کی تقرری پر بھارت میں سوگ کا سماں ہے، ہندوتوا بھارتی میڈیا نے آئی ایس آئی سربراہ کی بطور آرمی چیف تقرری پر آسمان سر پر اٹھار کھا ہے۔ کیونکہ نئے آرمی سربراہ ملٹری انٹیلی جنس، اور دنیا کی بہترین انٹیلی جنس ایجنسی آئی ایس آئی کے بھی سربراہی کرچکے ہیں۔ جنرل عاصم منیر کی پیشہ وارانہ مہارت کا دشمن بھی اعتراف کرتا ہے اور وہ ان کی پاک فوج کی قیادت سنبھالنے پر خوفزدہ ہے۔ بلاشبہ ہمارے جرنیل وجانباز ملکی سرحدوں کے دفاع کے ذمہ دار ہیں۔ جس طرح ایک انسانی جسم کے بہتر مدافعتی سسٹم کا دارومدار اس کی قوت مدافعت پر ہوتا ہے اسی طرح ملکی سلامتی اوراس کے دفاع کا انحصار اس ملک کی مضبوط فوج پر ہوتا ہے۔ افواج پاکستان کی مضبوطی اور قوت جس قدر زیادہ ہوگی ہمارا دشمن پر رعب ودبدبہ قائم ہوگا اور وہ کبھی ترنوالہ سمجھتے ہوئے نگلنے کی جرات نہیں دکھائے گا۔ جیسا کہ ہندوستان، جس نے پاکستان پر فوجی دھاگ بٹھانے کیلئے ایڑی چوٹی کا زور لگا لیا، اپنی عوام کو بھوکوں رکھتے ہوئے کھربوں ڈالرز کے اسلحے کا انبار لگا رکھا ہے لیکن بے سود، اس کی تمام تر جنگی تیاریاں، جدید ہتھیار، عساکر پاک کے جذبہ ایمانی، سرفروشی کی طاقت کے آگے ڈھیر ہیں۔ بلاشبہ ہماری پاک افواج بدروحنین کی جانشین ہیں، نئے سپہ سالار پاکستانی نہیں اسلامی فوج کے سربراہ ہیں پورے عالم اسلام کے عسکری نمائندہ ہیں جو جو نبی کریم ﷺ کی سالاری اور جنگی مہارت کے امین ہیں۔ ہمارے نبی پاک ﷺ عظیم سپہ سالار تھے۔ آپ ﷺ لشکر کشی، فوجی تربیت، عسکری نظام اور میدان جنگ میں فوج کی قیادت اور سالاری کے اصولوں سے خوب واقف تھے۔ جس طرح غزوہ بدر میں مقام بدر کو میدان جنگ بنا کر بہترین جنگی مہارت کا ثبوت دیا اور پانی کے کنویں پر قبضہ کر کے دشمنوں کی تمام تدبیروں کو خاک میں ملا دیا تھا۔ خاتم النبیین ﷺ ہمیشہ اپنی ذات سے بے نیاز ہوکر میدان جنگ میں فوج کی رہنمائی فرماتے آپ ﷺ ہمیشہ اپنی جان پر کھیل جانے کے لیے تیار نظر آتے۔ آپ ﷺ کا یہ دستور تھا کہ اپنے لشکر کی صفوں میں گھوم پھر کر اپنے بہادر سپاہیوں کو ہمت اور جرات دلاتے۔ ثابت قدمی اور بہادری پر قائم رہنے کی ہدایت کرتے۔ آپ ﷺ کی بہادری اور جوانمردی کو دیکھ کر آپ ﷺ کے ساتھی بھی نڈر ہوکر لڑتے تھے۔ جنرل سید عاصم منیر پاک فوج کی تاریخ میں پہلے آرمی چیف ہیں جو حافظ قرآن بھی ہیں۔ انہوں نے بطور لیفٹیننٹ کرنل مدینہ منورہ میں تعیناتی کے دوران 38 سال کی عمر میں قرآن پاک حفظ کیا ان کے حفظ قرآن کی برکت سے پاک فوج مزید مضبوط ہوگی۔ ہمارے نئے فوجی سربراہ پاک فوج کے سینئر ترین تھری سٹار آفیسر ہیں جو پاکستان ملٹری اکیڈمی کے فارغ التحصیل نہیں ہیں بلکہ انہوں نے آفیسرز ٹریننگ سکول منگلا سے فوج کی تربیت مکمل کر کے پاک فوج میں شمولیت اختیار کی۔ دوران تربیت انہیں بہترین کارکردگی پر اعزازی شمشیر سے نوازا گیا، اور کمانڈ اینڈ سٹاف کالج میں معلم کے فرائض بھی سرانجام دے چکے ہیں۔ جنرل عاصم منیر سب سے سینئر لیفٹیننٹ جنرل ہیں، ستمبر 2018 میں انہیں دو سٹار جنرل کے عہدے پر ترقی دی گئی تھی لیکن دو ماہ بعد چارج سنبھالا۔ وہ اس وقت سے موجودہ چیف آف آرمی سٹاف کے قریبی ساتھی رہے ہیں جب سے انہوں نے جنرل قمر باجوہ کے ماتحت بریگیڈیئر کے طور پر فورس کمانڈ ناردرن ایریاز میں فوجیوں کی کمان سنبھالی تھی جہاں اس وقت جنرل قمر جاوید باجوہ کمانڈر ایکس کور تھے۔ جنرل عاصم منیر2014 میں کمانڈر فورس کمانڈ ناردرن ایریا خدمات انجام دینے کے بعد 2017 میں ڈی جی ملٹری انٹیلی جنس کے عہدے پر فائز ہوئے۔ اکتوبر2018 میں لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر ترقی پانے کے بعد انہیں ڈی جی آئی ایس آئی تعینات کیا گیا، جہاں کچھ عرصہ خدمات کی انجام دہی کے بعد انہیں جون2019 میں کور کمانڈر گوجرانوالہ کے عہدے پر تعینات کر دیا گیا۔ جنرل عاصم اکتوبر2021 سے جی ایچ کیو میں بطور کوارٹر ماسٹر جنرل فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ جی ایچ کیو میں کوارٹر ماسٹر جنرل کے طور پر منتقلی سے قبل انہیں گوجرانوالہ کور کمانڈر کے طور پر تعینات کیا گیا تھا جہاں وہ اس عہدے پر دو سال تک فائز رہے تھے۔ لیفٹیننٹ جنرل عاصم منیر نے ہلالِ امتیاز بھی حاصل کر رکھا ہے۔ عام طور پر آرمی چیف آف آرمی سٹاف لانگ کورس سے آنے والے جنرل بنتے ہیں، مگر جنرل عاصم منیر لانگ کورس سے نہیں بلکہ او ٹی ایس سے آئے ہیں۔ لانگ کورس سے مراد پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں منعقد ہونے والے دو سالہ کورس ہے۔ جس سے تربیت پا کر پاکستانی فوج کے افسران فوج کا حصہ بنتے ہیں۔ یہ لانگ کورس ایبٹ آباد کی کاکول اکیڈمی میں ہوتا ہے۔

Show Biz
شوبز کارنر

جیو کی ٹیلی فلم روپوش 2022 میں پاکستان کی مقبول ترین یوٹیوب ویڈیو

محمود اسلم، صبا فیصل، حنا خواجہ بیات، سیفی حسن اور شبیر جان نے بھی اہم کردار ادا کیے



کراچی (این این آئی) یوٹیوب نے سال کے اختتام کے موقع پر مقبول ویڈیوز، کریئٹرز، بریک آؤٹ کریئٹرز اور ٹاپ شارٹس کی فہرست جاری کردی ہے۔ یوٹیوب کی جانب سے ہر سال پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں سب سے زیادہ مقبول عام ویڈیوز اور دیگر کی فہرستیں جاری کی جاتی ہیں۔ پاکستان میں ٹاپ ٹرینڈنگ فہرست دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ لوگ یوٹیوب پر ڈرامے اور فلمیں دیکھنا زیادہ پسند کرتے ہیں2022 میں سب سے زیادہ دیکھی جانے والی یا ٹرینڈ کرنے والی ٹاپ 10 میں سے 4 ویڈیوز ڈراموں کی ہیں۔

شہزادہ ہیری اور میگھن کی کہانی پر بنی ڈاکومینٹری کا ٹریلر جاری

88 ملین پاؤنڈ کی لاگت سے تیار کی گئی یہ ڈاکیومنٹری 6 قسطوں پر مشتمل ہے

نیویارک (این این آئی) برطانوی شاہی خاندان کے شہزادہ ہیری اور میگھن مارکل کی زندگی کی کہانی پر مبنی ڈاکیومینٹری کا ٹریلر نیٹ فلکس پر جاری کر دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق 88 ملین پاؤنڈ کی لاگت سے تیار کی گئی یہ ڈاکیومنٹری 6 قسطوں پر مشتمل ہے جس کو اگلے ہفتے اسٹریمنگ سروس نیٹ فلکس پر ریلیز کیا جائے گا۔ ہیری اینڈ میگھن کے نام سے بنائی گئی اس ڈاکیومنٹری میں اس جوڑے کے بطور ڈیوک اور ڈچز آف سسیکس سے لے کر شاہی فرائض چھوڑ کر امریکا منتقلی سمیت دیگر چند رومانی اور دلکش تصاویر شامل ہیں۔ ڈاکومینٹری کے پرومو میں جب شاہی جوڑے سے سوال کیا گیا کہ وہ کیوں یہ ڈاکومینٹری بنانا چاہتے ہیں تو شہزادہ ہیری نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ بند دروازوں کے پیچھے کیا ہوتا ہے کوئی نہیں دیکھ سکتا۔

نورا فتیحی فیفا ورلڈکپ میچ کے دوران اپنا گانا سن کر جذباتی ہوگئیں

میں خواب دیکھتی ہوں اور ہمیشہ خوابوں میں ایسے لمحات کا تصور کرتی آئی ہوں

دوحہ (این این آئی) بھارت کی معروف رقاصہ واداکارہ نورا فتیحی قطر میں جاری فیفا فٹبال ورلڈ کپ 2022 کے میچ کے دوران اپنا گانا اسٹیڈیم میں بجتا سن کر جذباتی ہوکر خوشی سے جھوم اٹھیں۔ انسٹاگرام پر شیئر وڈیو میں وہ فٹبال ورلڈکپ کا میچ دیکھنے کیلئے اسٹیڈیم میں موجود ہیں، عین اسی وقت اسٹیڈیم فیفا ورلڈ کپ کے آفیشل گانے 'لائٹ دی اسکائی' سے گونج اٹھتا ہے۔ اس یادگار لمحے کو کیمرے کی آنکھ میں محفوظ کرتے ہوئے نورا فتیحی اپنے گانے پر جذباتی ہوکر جھومنے لگ جاتی ہیں۔ انسٹا گرام پر ویڈیو شیئر کرتے ہوئے نورا فتیحی نے جذبات سے بھرپور پیغام بھی کیپشن میں لکھا ہے۔



نامور اداکار افضال احمد طویل علالت کے باعث لاہور میں انتقال کر گئے

اداکار برین ہیمبرج اور فالج کے مرض میں مبتلا تھے انہیں گزشتہ روز جنرل ہسپتال میں داخل کرایا گیا



لاہور (یو این پی) ماضی کے نامور اداکار افضال احمد طویل علالت کے باعث لاہور میں انتقال کر گئے، افضال احمد برین ہیمبرج اور فالج کے عارضے میں مبتلا تھے اور وہ جنرل ہسپتال میں زیر علاج تھے۔ جنرل ہسپتال انتظامیہ کے مطابق افضال احمد کو گزشتہ روز ہسپتال میں داخل کرایا گیا، اہلخانہ کا کہنا ہے کہ افضال احمد گزشتہ کئی برس سے فالج کے مرض میں مبتلا تھے۔ انہیں آخری وقت میں جنرل ہسپتال میں بیڈ بھی نہ مل سکا۔ افضال احمد نے1968 سے 2012 کے درمیان 300 سے زائد فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے، اداکار نے فلمی کیریئر کا آغاز فلم دھوپ اور سویرا سے کیا۔

خلیل الرحمان قمر کا اپنی شادی شدہ زندگی سے متعلق اہم انکشاف

کراچی (یو این پی) معروف ڈراما ساز خلیل الرحمن قمر نے اپنی شادی شدہ زندگی سے متعلق اہم انکشاف کردیا ہے۔ حال ہی میں اپنے دیے گئے ایک انٹرویو میں خلیل الرحمن قمر نے کہا کہ میں اپنی اہلیہ کو کہتا ہوں کہ سال بھر مجھ پر حکم چلاؤ لیکن کچھ دن خود کو میرا غلام بھی سمجھو۔ ان کا کہنا تھا کہ میں ہمیشہ اپنی بیوی سے کہتا ہوں کہ وہ ابھی نادان ہے اس لیے اسے کسی ایسی عورت سے دوستی نہیں کرنی چاہیے جس کا بریک اپ یا طلاق ہوئی ہو۔ انہوں نے کہا کہ اس کا مطلب یہ نہیں کہ طلاق یافتہ خواتین بُری عورتیں ہوتی ہیں۔

الی ووڈ سپر سٹار ڈوین جانسن کا 36 برس بعد چوری کا اعتراف

14 سال کی عمر میں پیسے نہ ہونے کے باعث وہ چاکلیٹ چوری کرتے تھے

نیویارک (این این آئی) دی راک کے نام سے مشہور سابق امریکی ریسلر اور ہالی ووڈ اداکار ڈوین جانسن نے 36 برس بعد موقع واردات پر جاکر اپنی چوری کا اعتراف کرلیا۔ ڈوین جانسن نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر ایک ویڈیو پوسٹ کی جس میں انہوں نے بتایا کہ امریکی ریاست ہوائی کے اسٹور سے وہ ایک سال تک ہر دن جم جانے سے پہلے چاکلیٹ چوری کیا کرتے تھے۔ دی راک نے بتایا کہ 14 سال کی عمر میں پیسے نا ہونے کے باعث وہ چاکلیٹ چوری کرتے تھے۔

شان شاہد نئے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، کرن ملک

شان نہ صرف اچھے اداکار ہیں بلکہ اچھے ڈائریکٹر بھی ہیں اور فلم کے سیٹ پر کافی سختی کرتے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی ماڈل اور اداکارہ کرن ملک نے اپنی پہلی فلم ضرار میں معروف اداکار شان شاہد کے ساتھ کام کا تجربہ شیئر کردیا۔ کرن ملک نے اپنے حالیہ انٹرویو میں شان شاہد کو بہترین اداکار قرار دیتے ہوئے کہا کہ شان نہ صرف اچھے اداکار ہیں بلکہ اچھے ڈائریکٹر بھی ہیں اور فلم کے سیٹ پر کافی سختی کرتے ہیں۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ ایسا لگتا ہے جیسے شان شاہد بہت غصے والے ہیں مگر ساتھ ساتھ ہی وہ بہت زیادہ ہنسی مذاق بھی کرتے رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شان شاہد کے ساتھ کام کرنے کے بعد میں ؟ نے بہت کچھ سیکھا ہے جو کیریئر میں آگے جا کر میرے بہت کام آئے گا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ شان دوسروں کا بہت خیال رکھتے ہیں۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

پہلا آل سندھ بلوچستان کرکٹ ٹورنامنٹ، چار میچز کا فیصلہ ہوگیا

وحدت گرین کلب، کوئٹہ ٹائٹنز کلب، برادرز کلب دادو اور مارکر کلب کوئٹہ نے اپنے میچز جیت لیئے

کراچی (این این آئی) محکمہ کھیل کے زیر اہتمام سندھ بلوچستان کرکٹ ٹورنامنٹ دو شہروں میں کامیابی کے ساتھ جاری ہے، اتوار کے روز وحدت گرین کرکٹ کلب، کوئٹہ ٹائٹنز کلب، برادر کلب دادو مارکر کلب کوئٹہ نے اپنے میچز جیت لئے، تفصیلات کے مطابق محکمہ کھیل حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام بلوچستان سندھ کرکٹ ٹورنامنٹ سبی اور حب چوکی میں کامیابی کے ساتھ جاری ہے دوسرے روز دونوں مقامات پر 8 ٹیموں کے درمیان 4 میچز کھیلے گئے، پہلا میچ حب چوکی میں فضل الرحمان کرکٹ کلب حیدرآباد اور ٹائٹنز کرکٹ کلب کوئٹہ کے درمیان کھلا گیا، حیدرآباد نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا اور مقررہ اوورز میں 123 رنز بنا کر 124 رنز کا ٹارگٹ دیا، جن میں میر سم کے سب سے زیادہ 36 رنز سکور شامل تھے جبکہ فرید احمد اور احسان نے تین تین کھلاڑیوں کو پولین کی راہ دیکھائی، ٹائٹنز کرکٹ کلب نے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے اوپنرز کی شاندار بیٹنگ کی بدولت ہدف 12 ویں اوور کی پہلی گیند پر ایک وکٹ کی نقصان پر حاصل کرلیا، جن میں جہانگیز خان کے جارحانہ 77 رنز اور جاوید کہ 31 رنز شامل تھے حیدرآباد کی جانب سے واحد وکٹ محمد عمر نے حاصل کیا، جہانگیر خان کو شاندار بیٹنگ کی بدولت مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔

ٹیبل ٹینس چیمپئنز لیگ کا تیسرا ایڈیشن کیلیفورنیا اسٹیج دبنگ کے نام

مینز سنگل لیگ میں حسیب خان اور لیڈیز سنگل لیگ میں پرینہ خان نے میدان مار لیا

کراچی (این این آئی) ٹیبل ٹینس چیمپئنز لیگ کے تیسرے ایڈیشن میں 8 فرنچائز ٹیموں کے درمیان کانٹے کے مقابلے ہوئے۔ کراچی کے اسلامیہ کلب میں کھیلی گئی چیمپئنز لیگ کا شاندار اختتام کیلیفورنیا دبنگ کی ٹرافی اٹھانے کے ساتھ ہوا، فائنل معرکے میں کیلیفورنیا دبنگ نے سٹی اکیڈمی چیلنجر کو دو کے مقابلے میں تین پوائنٹس سے شکست دی جبکہ پریمیئر کیبل واریئرز کی ٹیم اعزاز کا دفاع کرنے میں ناکام رہی پاکستان بزنس گروپ کے زیر اہتمام منعقدہ چیمپئن لیگ میں شامل 8 فرنچائزز کے گولڈ، پلاٹینیم اور سلور کیٹیگریز کے 44 پلئرز نے حصہ لیا جن میں لاہور لائنز، کراچی فائٹرز، گوادر چیمپئنز، کیلیفورنیا دبنگ، جی ایف ایس ٹائیگرز، سٹی اکیڈمی چیلنجرز، پریمیئر کیبل واریئرز اور فلک ناز ہاکس کی ٹیمیں شریک تھیں۔

دوسرا عبدالناصر یادگاری انڈر19 باسکٹ بال ٹورنامنٹ، 2 میچو کا فیصلہ ہوگیا

کراچی (این این آئی) کمشنر کراچی محمد اقبال میمن کی زیر سرپرستی عثمان باسکٹ بال کلب کے زیر اہتمام KBBA کی اجازت سے انٹرنیشنل عبدالناصر باسکٹ بال کورٹ آرام باغ پر جاری دوسرے عبدالناصر یادگاری انڈر 19 باسکٹ بال ٹورنامنٹ میں مزید 2 میچوں کا فیصلہ ہوگیا پہلے میچ میں مونسٹر کلب نے سینٹ پیٹرک جونیئرز کو 40-45 سے شکست دے دی فاتح ٹیم کی جانب سے محمد فیضان نے 25، لقمان جان نے 9 اور فہد سہیل نے 9 پوائنٹس اسکور کیئے۔ جبکہ رنر ٹیم کی جانب سے غضنفر خان نے 10، ہادی علی نے 10 اور لیوک انتھونی نے 6 پوائنٹس اسکور کیئے دوسرے میچ میں آرام باغ کلب نے بحریہ کالج کو 47-41 پوائنٹس سے شکست دے دی۔ ونرٹیم کی جانب سے لیش کمار نے 17، حسن علی نے 14 اور سعد صلاح الدین نے 8 پوائنٹس اسکور کیئے۔ بحریہ کالج کی جانب سے بلال احمد نے 10 زید طارق نے 9 اور طیب جدون نے 9 پوائنٹس اسکور کیئے۔ ان میچوں میں نعیم احمد، حیدر خان، عثمان خان نے ریفریز کے زاہد ملک، طارق حسین، راج کمار لکھوانی اور دانیال مروت نے ٹیکنیکل آفیشلز کے فرائض انجام دیئے۔

آسٹریلوی کرکٹر مچل مارش 3 ماہ کیلئے کرکٹ سے باہر

بگ بیش لیگ نہیں کھیلیں گے، دورہ بھارت کے لیے دستیاب نہیں

کینبرا (این این آئی) آسٹریلوی کرکٹر مچل مارش انجری کے باعث 3 ماہ کے لیے کرکٹ سے باہر ہوگئے۔ رپورٹس کے مطابق مچل مارش کافی وقت سے ٹخنے کی انجری کا شکار ہیں اور اب وہ آپریشن کرا رہے ہیں۔ مچل مارش اب بگ بیش لیگ نہیں کھیل سکیں گے جبکہ وہ دورہ بھارت کے لیے بھی ٹیم کو دستیاب نہیں ہوں گے۔ مچل مارش بگ بیش لیگ میں پرتھ اسکارچرز کی نمائندگی کرتے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق پرتھ اسکارچرز نے بھی مچل مارش کی عدم دستیابی کا اعلان کردیا ہے۔

ناصر حسین نے راولپنڈی اسٹیڈیم کی پچ کو ''سڑک'' قرار دے دیا

لاہور (یو این پی) سابق انگلش کپتان ناصر حسین نے راولپنڈی اسٹیڈیم کی پچ کو سڑک قرار دے دیا۔ سوشل میڈیا پر شائقین چیئرمین پی سی بی رمیز راجہ کو ٹیسٹ کرکٹ تباہ کرنے کے طعنے دینے لگے، یاد رہے کہ آسٹریلیا کیخلاف سیریز میں بھی راولپنڈی ٹیسٹ کی پچ کو آسٹریلوی میڈیا نے سڑک قرار دیتے ہوئے روڈ سائنز والی تصویر وائرل کردی تھی۔ اس بار بھی ایسی ہی صورتحال نظر آرہی ہے، سوشل میڈیا پر صارفین تنقید کرتے رہے۔

شادی کے بعد بھی کیریئر جاری رکھنا ممکن ہے، ٹینس اسٹار سارہ محبوب

پاکستان میں زیادہ سے زیادہ ٹورنامنٹس کرانے کی ضرورت ہے

لاہور (این این آئی) پاکستانی ٹینس اسٹار سارہ محبوب نے کہا ہے کہ لڑکیاں چاہے وہ ڈاکٹرز ہوں یا کھلاڑی، اگر ان کی مرضی ہو اور وہ چاہیں تو اپنا کیریئر جاری رکھ سکتی ہیں، شادی رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ سارہ محبوب ان دنوں لاہور میں جاری حسن طارق رحیم نیشنل رینکنگ ٹینس چیمپئن شپ کی ٹاپ سیڈ پلیئر ہیں۔ گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہوسکتا ہے کہ میں لڑکیوں کے لیے رول ماڈل بن سکوں۔ میری کوشش یہی ہے کہ میں جب تک فٹ ہوں میں ٹینس کو جاری رکھوں۔ انہوں نے شادی کے بعد ٹینس جاری رکھنے کے حوالے سے کہا کہ شادی کے بعد کچھ عرصے کے لیے بریک ضرور لی تھی لیکن ٹینس چونکہ میری اولین ترجیحات میں شامل ہے تو میں اس کو چھوڑ نہیں سکتی۔

کور کمانڈر پولو کپ، تیسرے دن پلاٹینم ہومز اور ری ماؤنٹس کی ٹیمیں فاتح رہیں

لاہور (این این آئی) جناح پولو فیلڈز کے زیر اہتمام کور کمانڈر پولو کپ سپانسرڈ بائی ڈائمنڈ پینٹس کے تیسرے دن دو اہم میچز ہوئے جن میں پلاٹینم ہومز اور ری ماؤنٹس کی ٹیمیں فاتح رہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان پارک کیولری گراؤنڈ میں کھیلے گئے میچز دیکھنے تماشائیوں اور فیملیز کی اچھی تعداد موجود تھی۔ پہلے میچ میں پلاٹینم ہومز نے گارڈ گروپ کی ٹیم کو 7-9 سے ہرایا۔ پلاٹینم ہومز کی طرف سے عامر رضا بھودی اور بلال حیات نون نے تین تین گول جبکہ آغا موسیٰ نے دو اور قدیر اشفاق نے ایک گول سکور کیا۔ ہارنے والی ٹیم گارڈ گروپ کی طرف سے تیمور علی ملک نے تین، ثاقب خان خاکوانی اور حمزہ اعجاز دو دو گول سکور کیے۔ دوسرے میچ میں ری ماؤنٹس کی ٹیم نے ڈائمنڈ پینٹس کو 3-7 سے ہرایا۔

دوسرا آل کراچی غلام محمد وحافظ اعجاز محمد یادگاری فٹبال ٹورنامنٹ

کراچی (این این آئی) مشہور ومعروف فٹبال ٹورنامنٹ آرگنائزر امیر محمد خان نے کھوکھرا پار نیشنل گراؤنڈ میں دوسرے آل کراچی غلام محمد وحافظ و اعجاز محمد یادگاری فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا۔ ٹورنامنٹ میں کراچی کی 96 فٹبال ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ گزشتہ روز پیر بخش میموریل فٹبال کلب اور آل برادرز فٹبال کلب کے مابین ٹورنامنٹ کا اہم میچ کھیلا گیا جو کہ دلچسپ مقابلے کے بعد پیر بخش میموریل فٹبال کلب ایک گول کے مقابلے میں تین گول سے جیت کر کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی۔ اس میچ کے مہمان خصوصی خدمت عوام ویلفیئر آرگنائزیشن کے بانی وچیئرمین، ممتاز سماجی کارکن و صحافی زاہد رحیم تھے۔

پاکستانی کوچ خود ہی ڈیڈ پچ کا شکوہ کرنے لگے

تھوڑی سپورٹنگ ہونا چاہیے تھی، دستیاب بولرز کو میدان میں اتارا، ثقلین

لاہور (یو این پی) پاکستانی ہیڈ کوچ ثقلین مشتاق خود ہی ڈیڈ پچ کا شکوہ کرنے لگے، سابق ٹیسٹ کرکٹر کا کہنا ہے کہ پچ تھوڑی سپورٹنگ ہونا چاہیے تھی، دستیاب بولرز کو میدان میں اتارا، انگلش بیٹر بین ڈکٹ نے کہا کہ بیٹنگ پچ پر وکٹیں لینا آسان نہیں، اندازہ نہیں ہے کہ دوسرے روز کیسا برتاؤ ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی ٹیسٹ کے پہلے دن کا کھیل ختم ہونے کے بعد میڈیا کانفرنس میں ثقلین مشتاق نے کہا کہ انگلینڈ کی ٹیم بہت اچھا کھیلی، بولرز نے پلان کے مطابق گیندیں نہیں کیں، پچ میں بھی ان کیلیے کوئی مدد نہیں تھی۔ آسٹریلیا کیخلاف رواں برس کے اوائل میں کھیلے گئے ٹیسٹ میں بھی ایسی ہی پچ تھی لیکن میرا خیال ہے کہ یہ تھوڑی سپورٹنگ ہونی چاہیے۔ پہلے ٹیسٹ کیلیے نئے بولرز کو ٹیم میں شامل کرنے کے سوال پر ہیڈ کوچ نے کہا کہ ہمیں جو بولرز دستیاب تھے انھیں ہی لے کر میدان میں اترے، شاہین آفریدی ان فٹ ہیں۔

بقیہ 1

ناقابل فراموش کردار ادا کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے طاہرہ اورنگزیب اور مریم اورنگزیب سمیت تمام اہل خانہ سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعاء کی۔

بقیہ 2

عارف علوی نے کہا کہ خصوصی افراد سے پیار کرنا چاہئے، ان کو ہر جگہ تک جسمانی رسائی دی جائے اور ان کی صحت کی دیکھ بھال بھی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی افراد مجھے اور میری اہلیہ ثمینہ علوی کو بہت پیارے ہیں، ہماری زندگیوں میں ان کو انتہائی اہمیت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی افراد کو تعلیم فراہم کی جائے ان کو ہنر مند بنا کر روزگار فراہم کر کے بااختیار بنایا جائے۔ صدر مملکت نے کہا کہ یہ دنیا ان کی بھی اتنی ہی ہے جتنی کہ ہماری ہے۔

بقیہ 3

تفصیلی ملاقات ہوئی ہے، انہیں بھی اندازہ ہے کہ ملک مزید سیاسی عدم استحکام کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن 2 مہینے پہلے ہوں، بعد میں ہوں لیکن پی ڈی ایم کی سیاست دفن ہوگئی ہے اس لئے الیکشن ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی توڑنا کوئی مسئلہ نہیں تباہ حال معیشت بچانا اصل مقصد ہے، سیاسی و معاشی استحکام قومی سلامتی کا ضامن ہے۔

بقیہ 4

پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر و پاکستان پیپلز پارٹی کی سینئر رہنماء سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا کہ عمران خان کی نظر میں وہی نظام درست ہے، جس میں ان کو اقتدار ملے پھر چاہے وہ صدارتی نظام ہی کیوں نہ ہو۔ شیری رحمان نے کہا کہ عمران خان خود سیاستدان کے لبادے میں ایک آمر ہیں جنھوں نے 26 سال سیاسی جدوجہد اور چیرٹی کے نام پر پیسے کھانے میں گزارے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے لوگوں کے اخلاقی معیار کا مذاق اڑا کر عمران خان نے ہر پاکستانی کی تذلیل کی ہے، اگر یہ خود اخلاقی اصولوں پر چلتے ہیں تو نااہلی کے بعد سیاست کیوں نہیں چھوڑ رہے؟۔

بقیہ 5

موقع پر اپنے بیان میں چیئرمین نادرا طارق ملک نے کہا کہ نادرا خصوصی افراد کو اپنے حقوق تک رسائی میں مدد دینے کیلئے ان کو شناخت اور پہچان فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ واضح طور پر معذور افراد ملکی معیشت میں اس سے زیادہ حصہ ڈالتے ہیں جتنا وہ لیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نادرا نے 5 لاکھ 48 ہزار سے زائد خصوصی افراد کو بلا معاوضہ شناختی کارڈ جاری کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان خصوصی افراد میں 3 لاکھ 90 ہزار جسمانی معذور، 36 ہزار قوت سماعت سے متاثر، 22 ہزار سے زائد متاثرہ بصارت اور ایک لاکھ محدود ذہنی صلاحیت کے حامل افراد شامل ہیں۔

بقیہ 6

شدید مذمت کی۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا ہے کہ ان کے افغان ہم منصب امیر خان متقی نے فون پر رابطہ کیا اور کابل میں پاکستانی ناظم الامور عبید نظامانی پر حملے کی مذمت کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ افغان وزیر خارجہ نے پاکستانی مشنز اور سفارتی عملے کی سکیورٹی بڑھانے اور حملے کے ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ دوسری جانب ترجمان افغان وزارت خارجہ نے بتایا کہ ٹیلی فون کال پر وزیر خارجہ بلاول کی جانب سے کہا گیا ہے کہ ایسے حملے تعلقات خراب نہیں کر سکتے۔

بقیہ 7

کہ ہم ان کا بازو پکڑیں گے، روکنے کی کوشش کریں گے، اگر یہ اسمبلیاں توڑنا چاہتے ہیں تو توڑ لیں ہم اس کا حصہ نہیں بنیں گے، اگر آپ نے اسمبلی توڑی تو بے آسرا آپ نے ہونا ہے، دو صوبائی حکومتوں اور دو ریاستی حکومتوں پر آپ کا خرچہ چلتا ہے، اگر آپ آئینی بحران پیدا کریں گے تو ہم آپ کو ایسا نہیں کرنے دیں گے، ان شا اللہ ملک میں کوئی آئینی بحران پیدا نہیں ہوگا، جو بھی ہوگا آئین و قانون کی پیروی کی جائے گی، سندھ، بلوچستان کی اسمبلی اور قومی اسمبلی موجود رہے گی۔ ماڈل ٹاؤن میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت پارٹی کی سینئر قیادت کا مشاورتی اجلاس ہوا جس میں عمران خان کی مشروط مذاکرات کی پیشکش کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے بعد وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ، عطا اللہ تارڑ اور ملک محمد احمد خان کے ہمراہ میڈیا کو بریفنگ دی۔ خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ عمران خان نے مذاکرات کی جو پیشکش کی ہے اس کا حتمی فیصلہ پی ڈی ایم اتحادی مل کر کریں گے۔ عمران خان نے جو دھمکی آمیز پیشکش کی ہے اس پر بات کرنے سے پہلے ماضی میں جھانکنا ضروری ہے۔ جب موجودہ حکومت کا پہلا قومی اجلاس کا ہوا تھا تو اس وقت کے قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے میثاق معیشت کی پیشکش کی تھی کیونکہ ملکی معیشت کو مزید ہچکولے نہیں ملنے چاہئیں، یہ پیشکش متحدہ اپوزیشن نے دی تھی لیکن عمران اور ان کے ساتھیوں نے اس کا مذاق بنایا، تماشہ اڑایا گیا تھا اور اس کو کبھی سنجیدگی سے نہیں لیا، اس کے بعد یہ پونے چار برس وفاق میں حکمران رہے، فیٹف کے معاملے اور دیگر حساس معاملوں پر قانون سازی اور ملکی مفادات کی بات آئی تو ہم نے اس وقت کی حکومت کے ساتھ تعاون کیا لیکن ہمیں ہر بار طعنے سننے کو ملے اور این آر او کا طعنہ دیا گیا حالانکہ عمران خان این آر او دینے کے قابل ہی نہیں تھے، موصوف کا حال یہ تھا ان میں نفرت اتنی بھری ہوئی تھی کہ یہ پہلا وزیراعظم تھا جو نشستیں پھلانگ کر اپنی نشست پر پہنچتا تھا تاکہ اپوزیشن سے آنکھیں نہ ملائی جاسکیں اور سلام دعا کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، پونے چار سال اس نے کسی سے سلام لیا نہ دیکھنا گوارہ کیا، اس میں عجیب فرعونیت تھی، ایسی فرعونیت نہ کبھی دیکھی تھی نہ سنی تھی، اس ملک میں مارشل لاء بھی رہے ہیں لیکن اس نے سب کے ریکارڈ توڑ دیئے۔ ملک میں آئینی جمہوری تبدیلی سے اس کا دور ختم ہوا تب سے عمران خان، ان کے سہولت کار اور ساتھیوں نے سازشیں شروع کیں لیکن انہیں ہر بار ناکامی ہوئی، جتنی دھمکیاں دی ہیں سب گیدڑ بھبھکیاں ثابت ہوئی ہیں، اس میں ہماری کوئی مہارت نہیں بلکہ یہ قدرت کا وبال ہے، جو کسی کی پگڑی اچھالے خود نالائق اور کرپٹ بھی ہو ہر برائی اپنے اندر موجود ہے لیکن انہیں مخالفین پر عائد کر دے تو ایسا شخص قدرت کے غضب کا شکار ہوتا ہے، عمران خان، سہولت کار اور ان کے ساتھی مکافات عمل کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ان کے ساتھ ماضی میں بھی غیر رسمی روابط ہوئے ہیں اور ایک سے زائد بار ہوئے ہیں، دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ روابط بھی خود کرتے ہیں اور بتاتے ہوئے شرماتے ہیں اور بتانا گوارہ نہیں کرتے، اس وقت بھی ان کے دوستوں کو کہا تھا کہ فیصلہ پی ڈی ایم نے کرنا ہے، مذاکرات کبھی مشروط نہیں ہوتے، اگر پہلے شرائط عائد کردیں تو مذاکرات کیسے ہوں گے، یکطرفہ ٹریفک نہیں چل سکتی یہ آپ کا ایجنڈا ہے، اگر پی ڈی ایم نے فیصلہ کیا تو ان کا اپنا ایجنڈا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے بعض اتحادیوں کو شدید تحفظات ہیں کہ ان سے بات نہیں کرنی او فیس سیونگ نہیں دینی۔ لیکن ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ مذاکرات کا عمل سیاست کا حصہ ہے لیکن ہر بات کا سلیقہ ہوتا ہے اگر عمران خان واقعی سنجیدہ ہیں تو انہیں دو تین باتیں سمجھ آ جانی چاہئیں، دھمکیاں بہتان گالیاں اور مذاکرات اکٹھے نہیں چل سکتے مذاکرات کا ماحول بنانا پڑتا ہے، مذاکرات ان کی ضرورت ہے ہماری ضرورت نہیں، ان کے لوگ کہتے ہیں کہ پی ڈی ایم اتحادی انتخابات سے ڈرتے ہیں تو یہ ان کی خام خیالی ہے اس کو اپنے ذہن سے نکال دیں، ہم نے پہلی بار انتخاب نہیں لڑنا، جب بھی اور جہاں بھی انتخاب ہوگا ضرور لڑا جائے گا، گزارش یہ ہے کہ ملک کے وسیع تر مفاد میں بات بھی کر سکتے ہیں قدم بھی اٹھا سکتے ہیں لیکن اس کے لئے پہلے اتحادیوں سے بات ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا سوچا سمجھا موقف ہے کہ اسمبلیاں قانون سازی اور گورننس کے لئے بنتی ہیں توڑنے پھوڑنے کے لئے نہیں بنتی، ہر اسمبلی کو اپنی مدت پوری کرنی چاہیے یہ ہمارا آج کا موقف نہیں ہے بلکہ بہت پہلے کا موقف ہے، اگر چار صوبوں کا حکمران ایڈونچر کرنا چاہتا ہے تو کر لے، ہم راستے میں رکاوٹیں کھڑی نہیں کریں گے یہ بھول جائیں کہ ہم ان کا بازو پکڑیں گے، روکنے کی کوشش کریں گے، اگر یہ اسمبلیاں توڑنا چاہتے ہیں تو توڑ لیں ہم اس کا حصہ نہیں بنیں گے، آپ لوگوں کے مینڈیٹ کا مذاق اڑانے سے گریز کریں، یہ ملک کا وقت اور توانائی صائع کرنے کے مترادف ہے، اسمبلیوں کو مدت پوری کرنی چاہیے اور انتخابات وقت پر ہونے چاہئیں۔ اگر آپ نے اسمبلی توڑی تو بے آسرا آپ نے ہونا ہے، دو صوبائی حکومتوں اور دو ریاستی حکومتوں پر آپ کا خرچہ چلتا ہے، لانگ مارچ اور جلسے انہیں کے اخراجات سے سجاتے ہیں آپ اسلام آباد نہیں آتے اور پناہ بھی وہاں لیتے ہیں جہاں پر آپ کی حکومتیں ہیں، آپ اچھی طرح سوچ لیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر بات چیت کرنی ہے تو ڈرانے کی ضرورت نہیں، باضابطہ رابطہ کریں ہم اسے پی ڈی ایم کی میز پر لے کر جائیں گے، اگر آپ سنجیدہ بات کریں گے تو سنجیدہ جواب دیں گے، اگر آپ آئینی بحران پیدا کریں گے تو ہم آپ کو ایسا نہیں کرنے دیں گے، ان شا اللہ ملک میں کوئی آئینی بحران پیدا نہیں ہوگا، جو بھی ہوگا آئین و قانون کی پیروی کی جائے گی۔ سندھ، بلوچستان کی اسمبلی اور قومی اسمبلی موجود رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہر بار ان کا یہی کام ہے کہ اسمبلیوں میں آتے ہیں تو استعفے پھینک جاتے ہیں، ہم انہیں بچا کر رکھتے ہیں، ان کو سیاست کب آئے گی، لوگوں کے ووٹ کا مذاق اڑاتے ہیں، ہم ابھی بھی ان کے استعفے لے کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ عمران خان کو مشورہ ہے اپنے اندر سنجیدگی پیدا کریں گہرائی پیدا کریں، آپ سہولتوں کاروں کے ساتھ مل کر کھیلتے رہے ہیں آپ نے سیاست میں یہی گند کیا ہے، پاکستان اس کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنا فیصلہ نہیں بتایا، عمران خان نے بات کی ہے اس پر مسلم لیگ (ن) کا نقطہ نظر سامنے رکھا ہے، فیصلے کا اختیار پی ڈی ایم کے پاس ہے۔ عمران خان اپنا لب و لہجہ ٹھیک کریں بات کرنا سیکھیں بات کی پیشکش کرنا سیکھیں، انہوں نے جو جال پھینکا ہے اس میں انہوں نے خود ہی پھنسنا ہے۔ خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ ہمیں کہیں سے تقویت نہیں ملی، طاقت کا سرچشمہ اللہ کی ذات ہے جہاں تک دنیاوی بات ہے تو وہ نواز شریف ہے۔ انہوں نے کسی تیسری قوت کی بات چیت کے لئے مداخلت کے بارے سوال کے جواب میں کہا کہ پی ڈی ایم میں سب تجربہ کار موجود ہیں ہم نے ماضی میں مذاکرات کئے ہیں اور گھمبیر مسائل کو حل کیا ہے، تیسرے کی مداخلت کی ضرورت ہی نہیں ہم سب خود ہی معاملات حل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے عمران خان کے الزامات پر فل کورٹ کمیشن کے حوالے سے کہا کہ اس حوالے سے وزیراعظم کی جانب سے معزز ادارے کو لکھا گیا ہے فیصلہ اس نے کرنا ہے۔ انہوں نے معاشی صورتحال کے حوالے سے کہا کہ یہ کیا دھرا عمران خان کی نالائقیوں اور کھلنڈرے ساتھیوں کا ہے جنہیں ریاستی امور کا تجربہ نہیں تھا، ان کا ایک ہی مشن تھا کہ مقدمات بناؤ، ایک کروڑ نوکریوں اور پچاس لاکھ مکانات کا جھوٹا بیانیہ بناؤ، انہوں نے جو دعوے کئے تھے ایک فیصد بھی پورے نہیں ہوئے، ہم آئی ایم ایف کے ساتھ ان کی چھوڑی ہوئی ڈیل کو مکمل کرنے جا رہے ہیں بات چیت کر رہے ہیں، لیکن انہوں نے یہاں بھی سازش کی اور کہا کہ اس معاملے کو خراب کرو، ان کی سوچ یہ ہے کہ ہم نے اقتدار میں ہونا تھا تو ملک ہے، یہ ملک کو سری لنکا کی صورتحال میں دھکیل رہے تھے، معلوم نہیں ان کے دماغ پر کن شیاطین نے قبضہ کیا ہوا ہے، اگر ہم حکمران نہیں ہے تو بائیس کروڑ عوام کا ملک جہاں مرضی چلا جائے۔ اب ان کا جھوٹ کا چورن نہیں بکنا، یہ بائیس کروڑ کا ملک ہے اسے بدقسمت ملک نہ بننے دیں۔ آج ایک ایک ادارہ چلانا مشکل ہے لیکن یہ ٹانگے کھینچنے کا دھندا کرتے ہیں، آج یہ کہتے ہیں قبل از وقت انتخابات کرادیں، پہلے ہم غدار تھے امپورٹڈ تھے، ان کے سائفر کا بیانیے کے پرخچے اڑ گئے، ان کی نظر میں سیاست کھیل تماشہ ہے لیکن ہم اسے جہاد سمجھ کر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی معیشت کو درست کرنے کیلئے سیاسی استحکام چاہیے اسی وجہ سے عمران خان چاہتا ہے سیاسی استحکام نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ گڑھے مردے اکھاڑیں اور ایک دوسرے کا گریبان پھاڑنے کی بجائے ہم پاکستان کو آگے لے جانا چاہتے ہیں۔ چار سال کی بربادی اس کی ہے اور یہ اس دن شروع ہوئی تھی جب غیر قانونی غیر آئینی طور پر سازش کے ذریعے منتخب حکومت کو اکھاڑا گیا تھا، اس کے سپریم کمانڈر کو نااہل کیا گیا، یہ اس سازش کا پیکج تھا جو 2010ء میں پراجیکٹ عمران خان کی صورت میں لانچ کی گئی تھی لیکن اس کا خاتمہ قریب ہے۔ وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ہم سیاست دان ہیں اور سیاستدان کبھی بھی مذاکرات سے بیٹھنے سے انکاری نہیں ہوتا، یہ واحد سیاستدان جو ملک پر مسلط ہوا ہے اور ملک و قوم کی بدقسمتی ہے کہ یہ پونے چار سال اس نے اپوزیشن کے ساتھ ہاتھ تک نہیں ملایا، جب پلوامہ کا وقعہ ہوا تھا ہر جماعت سے پانچ پانچ سینئر لوگ ڈیڑھ گھنٹہ تک اس کا انتظار کرتے رہے، عمران خان اس وقت وزیراعظم تھے اور پارلیمانی عمارت میں موجود تھے۔ اس وقت کے آرمی چیف قمر جاوید باجوہ اسرار کرتے رہے کہ ساری اپوزیشن بیٹھی ہے میٹنگ آپ کی صدارت میں ہونی ہے ہم نے بریف کرنا ہے اس سے وقومی یکجہتی کا پیغام جائے گا لیکن یہ شخص نہیں مانا، اس کا شروع دن سے یہی رویہ رہا ہے۔ ہمیں دھمکی آمیز مذاکرات کی پیشکش نہ کرے، اس نے دھمکیاں دے کر دیکھ لی ہیں، یہ اسٹیبلشمنٹ کو دھمکیاں دے کر بلیک میل کر کے انتخابات کی تاریخ لینا چاہتا تھا لیکن نہیں لے سکے، اسی طرح ہم سے لینا چاہتا ہے لیکن نہیں لے سکے گا، اس کا ایک سیاسی طریقہ ہے بات کرے ہم وہ معاملہ پی ڈی ایم میں لے کر جائیں گے اور وہاں فیصلہ کریں گے، مشروط بات نہیں ہوسکتی، غیر مشروط طور پر بیٹھے، اس نے اب بھی مشروط مذاکرات کی کی ہے اور ساتھ دھمکی دی ہے یہ قابل قبول نہیں۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ جس تیسری قوت کی بات کر رہے ہیں اسے یہ تین ماہ سے گالیاں دے رہا کہ یہ درمیان میں پڑیں اور انتخابات کی تاریخ لے کر دیں، اتنا ہونے کے باوجود تیسری قوت نے دخل نہیں دیا اور اپنے فیصلے پر قائم ہیں کہ ادارے نے اے پولیٹیکل ہونا ہے اور جو آئین میں درج ہے اس کے مطابق ہوگا، اب وہ آگے پیچھے نہیں ہوں گے۔ عمران خان کا یہ خیال تھا کہ کہ راولپنڈی میں عوام کا سمندر ہوگا، بیس پچیس لاکھ لوگ جب راولپنڈی میں آجائیں گے میں اس وقت بات کروں گا کہ اسلام آباد کی طرف جاؤں یا انہیں معاف کروں گا، جب اس نے جلسے کا فضائی جائزہ لیا تو اس کے کانوں سے دھواں نکل آیا، اس نے جتنے لاکھ لوگ کہے تھے اتنے ہزار بھی نہیں آئے تب اس نے فرسٹیشن میں اسمبلیاں تحلیل کرنے کا اعلان کردیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ معاشی حالات پیدا نہیں کئے بلکہ اس نے پیدا کئے، اس نے آئی ایم ایف سے معاہدے کی خلا ورزی کی اور بحران کو بڑھایا، ان کی پالیسیوں کی وجہ سے ملک ڈیفالٹ کے کنارے پر جاچکا تھا لیکن ہم نے سے سنبھالا ہے، عوام کو ریلیف دینے کا مرحلہ ابھی شروع نہیں کر سکے جو عنقریب کریں گے، معیشت بھی بدحالی سے باہر آئے گی، جو چار سال سے معاشی تباہی شروع ہوئی ہم اسے روکنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ 8

جس سے ملک کا نظام رک جائے گا اس لئے عام انتخابات کی تاریخ پر بات کریں، اراکین اسمبلی انتخابات کے لئے ذہنی طور پر تیار ہو جائیں اور اپنے اپنے حلقوں نکلیں، جو اعظم سواتی کے ساتھ ہوا اگر میرے ساتھ ہوتا تو میں خودکش حملہ کرنے کے لئے تیار ہو جاتا۔ اپنی رہائشگاہ سے ویڈیو لنک کے ذریعے خیبر پختونخواہ کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ میں انہیں ملک کے لئے پیشکش کر رہا ہوں، انتخابات تو جب بھی ہوں چاہے اگست میں ہوں یا اکتوبر میں ہوں جیتنا تو تحریک انصاف نے ہے، عوام نے ان کی سات مہینوں کی کارکردگی دیکھ لی ہے اور لوگ ان سے اتنا متنفر ہیں کہ یہ باہر نہیں نکل سکتے جہاں عوام میں جاتے ہیں چور چور کے نعرے لگتے ہیں، ان کے آنے سے کسی ایک شعبے میں فائدہ نہیں ہوا بلکہ ملک تو نیچے جارہا ہے، ان کے نام نہاد تجربہ کار لوگ آپس میں لڑ رہے ہیں۔ ان کا سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کہہ رہا ہے کہ اسحاق ڈار ملک کو ڈیفالٹ کی طرف لے کر جارہا ہے، اسحاق ڈار کہہ رہا ہے کہ اس نے کچھ کیا ہی نہیں تھا اور دونوں ہی سچ بول رہے ہیں ملک جا تو ڈیفالٹ کی طرف رہا ہے۔ انہوں نے سوائے بیان بازی یا ہمارے اوپر تنقید کرنے کے کچھ کیا ہی نہیں، ان کے پاس ملک کو بچانے کا کوئی روڈ میپ نہیں ہے، باہر کی فنانشل مارکیٹس ان پر عدم اعتماد کر چکی ہیں، ملک کے اندر کاروباری برادری کا اس حکومت سے اعتماد اٹھ چکا ہے، معاشی حالات تیزی نیچے جا رہے ہیں، کوئی بھی شعبہ ترقی نہیں کر رہا، کوئی بھی شعبہ جو دولت میں اضافہ کر سکتا ہے اس کا اس حکومت پر اعتماد نہیں رہ گیا۔ 75 فیصد پاکستانی کہہ رہے ہیں انتخابات کرائیں کیونکہ حکومت ناکام ہوگئی ہے۔ ہم تو اسمبلیاں تحلیل کرنے جا رہے ہیں کیونکہ ہمیں ملک کی فکر ہے، ملک آپ سے سنبھالا نہیں جا رہا اور ڈیفالٹ کی طرف جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں عام انتخابات ہو جائیں، اس کے علاوہ کسی چیز پر آپ سے بات چیت نہیں ہوسکتی، یہ صرف اپنی چوری معاف کرانے کے لئے حکومت میں آئے ہیں، پہلے بھی پرویز مشرف سے چوری معاف کرا چکے تھے اور اب دوسرا این آر او لیا ہے۔ پرویز مشرف نے تو ان سے بہتر ملک چلایا تھا اسے عوام نے صرف برا بھلا این آر او دینے پر کہا۔ یہ اس لئے آئے ہیں کہ ان کے 1100 ارب روپے کے کرپشن کے کیسز معاف ہوں اور سب کے کیسز معاف ہوتے جا رہے ہیں، اسحاق ڈار بھی بچ گیا، یہ ملک کے وزیراعظم کے جہاز میں بیٹھ کر فرار ہوا تھا، اب تو قانون پاس ہو گیا اور یہ سارے پاک ہو گئے ہیں، مریم نواز بچ گئی ہے، نواز شریف کے کیسز ختم کرنے کی تیاری ہو رہی ہے، آصف زرداری کے کیسز معاف ہو رہے ہیں، ان کا بس یہی کارنامہ ہے کہ انہوں نے اپنے کیسز معاف کرالئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ چاہتے ہیں کہ کسی طرح عمران خان کو نااہل کریں اور پی ٹی آئی کے لوگوں پر کیسز کریں اور ناک آؤٹ کردیں اور تکنیکی طور پر انتخابات جیت جائیں، ملک کی ضرورت ہے کہ یہاں سیاسی استحکام آئے اس سے معاشی استحکام آئے گا، سیاسی استحکام صرف انتخابات سے آ سکتا ہے۔ ہم پنجاب اور خیبر پختونخواہ اسمبلیاں تحلیل کرنے جا رہے ہیں اس لئے جا رہے ہیں کہ ہم سمجھتے ہیں انتخابات ملک کی ضرورت ہے، یہ پی ٹی آئی کی ضرورت نہیں ہے، یہ جب تک بیٹھے ہوئے ہیں ملک کا گراف نیچے جا رہا ہے اور انتخابات کی تاخیر کا ہمیں فائدہ ہی فائدہ ہے لیکن ملک کے حالات جس سطح پر پہنچ چکے ہیں اگر انتخابات نہ ہوئے تو ملک وہاں پہنچ جائے گا جہاں سے کنٹرول کرنا کسی کی بس کی بات نہیں ہوگی۔ پی ڈی ایم کے لوگوں نے کیا کرنا ہے انہوں نے تو ملک چھوڑ کر بھاگ جانا ہے اور اس کی تیاری کر رہے ہیں، ان کی دولت باہر پڑی ہے، نواز شریف کا پاکستان میں کیا مفاد، نواز شریف اور آصف زرداری ملک کی بہتری کے لئے فیصلے نہیں کرتے۔۔۔ یہ کبھی بھی انتخابات جیت نہیں سکتے۔ الیکشن کمیشن ان سے ملا ہوا ہے اور ایسا لگتا ہے جیسے ان کی پارٹی کا ممبر ہو، بس اس کی یہی سوچ ہے انہیں کیسے جتانا ہے، یہ نہیں جیتیں گے بلکہ انہوں نے باہر بھاگ جانا ہے اور تیسری بار بھاگیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا گراف کبھی اتنا اوپر نہیں گیا جتنا آج ہے

بقیہ 9

لی کی شدت 4.5 ریکارڈ کی گئی ہے۔ زلزلہ پیما مرکز نے بتایا کہ زلزلے کا مرکز افغانستان کے شہر اسمار سے 29 کلومیٹر دور تھا، اس زلزلے کی گہرائی 94 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی ہے۔

بقیہ 10

کہ اگر ٹھوس اعتراض ہو تو درستگی کے بعد ریٹرننگ افسر اعتراض نظر انداز کر سکتا ہے۔

بقیہ 11

کے الزام پر ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔ شہباز گل اداروں میں بغاوت پر اکسانے کے کیس میں ضمانت پر ہیں۔

بقیہ 12

نے خیبر پختونخواہ کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس سے خطاب کے لئے ہفتہ کے روز لاہور سے پشاور روانہ ہونا تھا۔

بقیہ 13

نکھٹو حکمرانوں کا موڈ نہیں کہ الیکشن کروایا جائے۔ ان کو عوام اور ملک کی کوئی فکر نہیں ہے یہ بس چاہتے ہیں کہ اقتدار کے مزے لوٹیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں عوام سے پوچھتا ہوں کہ امپورٹڈ حکمران فوج کے خلاف کس قسم کی گفتگو کرتے تھے۔ یہ فوج کے خلاف زہر اگلا کرتے تھے اور یہ لوگوں فوج کی شہادتوں اور سپاہیوں کا مذاق اڑایا کرتے تھے۔ ان لوگوں نے چلتی حکومت کو اس لئے ہٹایا تاکہ این آر او لے سکیں۔ انہوں نے 11 ارب روپے کا این آر او لینا تھا وہ لے لیا ہے۔ کرپٹ ٹولے نے ہر طرح کا فائدہ اٹھا لیا اب خدا کے لئے ملک کا سوچیں اور جلد الیکشن کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اس ملک کا سوچ رہا ہے جبکہ امپورٹڈ حکمرانوں کی ملک میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ فیاض الحسن چوہان نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی مکمل طور پر عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں اسمبلیاں تحلیل کرنے سمری بھی سائن کر دی ہے اور جب عمران خان چاہیں گے سمری بھیج دی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی ایک لجپال آدمی ہیں وہ تعلق نبھانا اچھی طرح جانتے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ امپورٹڈ حکمرانوں کو الیکشن سے ڈرنا نہیں چاہئے۔ میدان کھلا ہے، اگر ان میں ہمت ہے تو آئیں الیکشن میں ہمارا مقابلہ کریں۔ پنجاب حکومت عمران خان کی امانت ہے عمران خان جو چاہیں گے وہی ہوگا۔ امپورٹڈ حکمران عوام میں نفرت پھیلا رہے ہیں۔ ان کو فوری طور پر حکومت سے بھگانا ہوگا ورنہ ملک ڈیفالٹ کر سکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میں سولہ سال سے عمران خان کا سپاہی ہوں، میں نے ماریں کھائیں اور ہر طرح کی سختی برداشت کی مگر کبھی عمران خان کی حمایت سے پیچھے نہیں ہٹا۔ جو عمران خان کہیں گے ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 14

خصوصی تقریب منعقد ہوئی اور آگاہی واک کا بھی اہتمام کیا گیا۔ آگاہی واک کی قیادت سپیکر محمد سبطین خان اور ایم پی اے سعدیہ سہیل رانا نے کی جبکہ سیکرٹری پنجاب اسمبلی عنایت اللہ لک، اراکین اسمبلی سائرہ رضا، فوزیہ عباس اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر سید عامر محمود جعفری اور دیگر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پنجاب اسمبلی میں منعقدہ تقریب کے دوران سپیکر محمد سبطین خان نے خصوصی بچوں میں تحائف بھی تقسیم کئے اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محمد سبطین خان نے کہا کہ خصوصی افراد کو ہمدردی نہیں بلکہ عزت و احترام اور اخلاقی سپورٹ کی ضرورت ہے۔ انہیں زندگی کی دوڑ میں شامل کر کے ان کی حوصلہ افزائی کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی افراد میں کسی بھی عام فرد سے زیادہ صلاحیتیں پوشیدہ ہیں۔ انہیں مواقع فراہم ہوں تو یہ حیران کن نتائج کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔ محمد سبطین خان نے کہا کہ پنجاب حکومت سپیشل نفوس کی تعلیم و تربیت، ترقی، ہنرمندی اور روزگار کے حوالے سے ہنگامی و ترجیحی اقدامات کر رہی ہے۔ تقریب میں معزز اراکین اسمبلی محترمہ سائرہ رضا اور فوزیہ عباس نے بھی شرکت کی۔ بعدازاں سپیکر محمد سبطین خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ان کو اپنے بچوں کی طرح رکھ رہے ہیں تو اللہ ان کو اجر دے اور مخیر حضرات سے میں اپیل کروں گا کہ ان اداروں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور یہ پوری قوم اگر ایک دوسرے کی مدد کرے گی ایک دوسرے کو سپورٹ کرے گی تو تب جا کہ اس طرح کے انسٹی ٹیوشن کامیاب ہوتے ہیں۔

بقیہ 15

مطابق پنجاب کے دارالحکومت لاہور میں دروازہ پر کوڑا پھینکنے سے منع کرنے پر لڑکی کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قاتل میاں بیوی کو رحیم یار خان سے گرفتار کرلیا، ملزمان نے جھگڑے پر 22 سال کی نورین کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ ملزم علی رضا کی بیوی حلیمہ نے نورین کے گھر کے سامنے کوڑا پھینکا تھا جس پر 22 سالہ لڑکی نورین نے انھیں منع کیا۔ ایس پی انویسٹی گیشن زوہیب نصر رانجھا نے کہا ہے کہ میاں بیوی مقتولہ کے قتل کے بعد کچے میں جا کر چھپ گئے تھے۔ زوہیب نصر رانجھا نے بتایا کہ دوران تفتیش ملزم سے قتل کا اسلحہ بھی برآمد ہوا ہے۔

بقیہ 16

ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ناصر شاہ نے کہا کہ وقار مہدی بلا مقابلہ منتخب سینیٹر ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیل کا تاثر دینا بالکل غلط ہے، پیپلز پارٹی کی یہ سیٹ تھی، ایم کیو ایم سے حلقہ بندیوں اور دیگر معاملات پر بات چیت جاری ہے، ایڈمنسٹریٹر شپ اور سینیٹر شپ کی بات ہو رہی ہے، جی ڈی اے نے بھی کوئی فارم جمع نہیں کرایا۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ ایم کیو ایم کو سندھ میں بھی اپنے ساتھ آنے کی پیشکش کی ہے، 4 ڈویژن میں الیکشن ہوئے ہیں ہم بلدیاتی الیکشن کرانا چاہتے ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے رہنما مصطفیٰ نواز کھوکھر نے سینیٹ کی نشست سے استعفیٰ دیا تھا۔

بقیہ 17

وزیر اعلی سندھ نے کہا کہ ہمیں معلوم ہے کہ لوگوں کو بہت زیادہ مشکلات ہیں، ملک میں بدترین سیلاب آیا، جنوری میں ڈونر کانفرنس ہونے والی ہے، ہم اس کے لیے کام کر رہے ہیں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ الیکشن اپنے وقت پر ہوں گے، ایم کیو ایم کے ساتھ پہلے بھی اتحاد رہا ہے، ایم کیو ایم کے ساتھ اس صوبے کی بہتری کے لیے ساتھ چلنا ہے، ہم الیکشن کے لیے ہر وقت تیار ہیں، پیپلز پارٹی پر اس کے ورکرز کا شدید دباو ہے، ایم کیو ایم کے لوگ اپنے خدشات سے پہلے بھی ہمیں آگاہ کرتے رہتے ہیں، ایم کیو ایم کے خدشات الیکشن کے لیے نہیں ہیں، ہم ان کے خدشات ضرور دور کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے اپنے دور میں کراچی پر توجہ نہیں دی، ہمیں مہنگائی کا اندازہ ہے، اس نے ساڑھےتین پونے چار سال تباہی مچائی، انتظامی طور پر دیکھنا ہے کہ الیکشنز کیسے کرانے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 20 ہزار سے زائد اسکول سیلاب سے تباہ ہوئے ہیں، انتخابات اسکول میں کرائے جاتے ہیں، پہلے لوگوں کو تو بچالیں، یہ ملک کی تاریخ کا سب سے بڑا سیلاب تھا۔ سندھ کے وزیر اعلی نے کہا کہ 2020 میں بھی سیلاب آیا تھا، سندھ میں عمران خان نے کچھ نہیں کیا، اس دوران عمران خان 11 سو ارب روپے کا اعلان کرکے چلے گئے، دنیا کی جب توجہ چاہیے تھیں تو وہ جلد الیکشن کی بات کرتے تھے، عمران خان نے بھی ٹیلی تھان کی تھی پیسے جمع کئے، کہاں گئے معلوم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگ سمجھتے ہیں ہم ریلیف اور ریسکیو کے عمل سے گزر گئے، ایسا نہیں ہے، سندھ کے 80 سے 85 فیصد علاقوں سے پانی نکال لیا گیا ہے، جہاں سیلاب آیا وہاں لوگوں کے گھر گر گئے ہیں، ان کے پاس کھانے کے لیے کچھ نہیں، سیلاب کی وجہ سے ہماری تکالیف میں اضافہ ہوا ہے۔ اس سے قبل کراچی میں سندھی کلچر ڈے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا کہ کلچر ڈے کی مناسبت سے تقریب کا اہتمام کیا گیا، 2009 میں آصف زرداری افغانستان گئے، وہاں آصف زرداری نے سندھی ٹوپی پہنی ہوئی تھی جس پر اعتراض کیا گیا، اس کے بعد سندھ اجرک ڈے منانے کا فیصلہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ طلبا و طالبات نے بہت ہی اچھے انداز میں ملک کی ثقافت کو پیش کیا، یہاں پاکستان کے تمام رنگوں کو دیکھا۔

بقیہ 18

اور جانچ' کے موضوع پر، مہوش ریاض دختر محمد ریاض کوزوالوجی کے مضمون میں 'عمر گی کے آغاز کیلئے ممکنہ حساس عوامل اور کثیر الشکلی جینیاتی تعلق کی شناخت' کے موضوع پر، نادیہ مجید دختر عبدالمجید کو ایجوکیشن کے مضمون میں 'ہم مرتبہ کے تعین اور تعامل کے پنجاب کے انڈر گریجویٹ طلبا کی انگریزی میں لکھنے کی مہارت پر اثرات' کے موضوع پر، قرۃ العین دختر لیاقت علی کو انگلش کے مضمون میں 'انسان اور مشین کا باہمی تعلق، پاکستان کے ہم عصر انگریزی ناول کا نظریہ مابعد البشریت کے تناظر میں جائزہ' کے موضوع پر اور طاہرہ فاطمہ دختر اختر علی کو اردو کے مضمون میں 'اردو افسانے پر جدید سائنسی نظریات کے اثرات' کے موضوع پر، پی ایچ ڈی مقالہ جات کی تکمیل کے بعد پی ایچ ڈی کی ڈگریاں جاری کر دیں۔

بقیہ 19

کر کے فرار ہو گیا تھا۔ پولیس کے مطابق مقتولہ کے بھائی کی مدعیت میں قتل کا مقدمہ درج کیا گیا تھا، پولیس کی جانب سے ملزم سے آلہ قتل برآمد کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 20

سے وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ نے پاکستان کے سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی کیلئے ڈونر کانفرنس بلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈونر کانفرنس 15 جنوری کو سوئٹزرلینڈ کے شہر ڈیوس میں ہوگی جس میں سندھ حکومت بھی شریک ہو کر اپنا مقدمہ پیش کرے گی۔

بقیہ 21

سے چیف آف دی نیول اسٹاف کا پرتپاک استقبال اور گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ نیول چیف نے انسپکٹر آف جرمن نیوی سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بعدازاں نیول چیف نے جرمن نیوی کے جہاز اور ولہم شیون نیول بیس کا دورہ کیا جہاں انہیں جرمن بحری بیڑے سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ بعدازاں، باکو آمد پر نیول چیف کو میزبان بحریہ کی جانب سے گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ اس موقع پر نیول چیف نے کمانڈر آذربائیجان نیول فورسز اور وزیر دفاع کرنل جنرل ذاکر حسنوف سے ملاقات کی۔ امیر البحر نے بلیوا کانومی اور ممالک کیما بین تعاون کے فروغ کے لیے میزبان بحریہ کو مشق امن 2023 اور پاکستان انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس (PIMEC-23) میں شرکت کی دعوت دی۔ علاوہ ازیں، چیف آف دی نیول اسٹاف نے ملٹری یونٹ اور آذربائیجان ہائر ملٹری اسکول کا دورہ بھی کیا اور متعلقہ فیکلٹی سے ملاقات کی۔ توقع ہے کہ نیول چیف کے حالیہ دوروں سے ان ممالک کے مابین بالعموم اور مسلح افواج کے درمیان بالخصوص دفاعی تعلقات کو مزید وسعت ملے گی۔

بقیہ 22

دن پہلے ہی ادائیگی کر دی ہے۔ بلوم برگ کی رپورٹ کے مطابق پاکستان فی الحال دیوالیہ ہونے سے بچ گیا ہے تاہم ملک کے طویل مدتی بانڈز دباؤ کا شکار ہیں اور آئندہ کی ادائیگیوں سے متعلق پریشانی برقرار ہے۔

بقیہ 23

سفر کے اول دن سے وہ ان کیساتھ رہیں۔ واضح اصولی ونظریاتی وابستگی اور سوچ کے ساتھ تمام عمر انہوں نے ایک لیگی کے طور پر جمہوری و سیاسی جدوجہد کی۔ محمد نواز شریف کی گرفتاری اور پرویز مشرف کے دور میں بیگم کلثوم کی سیاسی جدوجہد میں وہ ان کی دست راست اور نمایاں رہنماؤں میں سر فہرست تھیں۔ راولپنڈی میں بیگم نجمہ حمید کا گھر مسلم لیگ کا سیاسی قلعہ بنا رہا اور بیگم کلثوم ان کی رہائشگاہ پر نظر بند رہیں۔ بیگم نجمہ حمید دو بار سینیٹ کی رکن رہیں۔ پارٹی کے شعبہ خواتین کی طویل ترین عرصہ تک صدر رہنے کا بھی اعزاز انہیں حاصل رہا۔ 2011 میں ان کے مستعفی ہونے کے بعد سے یہ عہدہ خالی رہا اور پارٹی نے کسی اور کو صدر شعبہ خواتین مقرر نہیں کیا۔

بقیہ 24

اپنی گاڑی کی رفتار مناسب رکھیں، رات کے وقت سفر سے گریز کریں۔ موٹر وے پولیس نے کہا ہے کہ گاڑیوں میں سفر کرنے والے اپنی سواریوں میں فوگ لائٹس کا استعمال یقینی بنائیں اور دوران سفر محفوظ فاصلہ قائم رکھیں۔ اس کے علاوہ دھند کی صورت میں ڈبل اشاروں کا استعمال کیا جائے، شہری شدید دھند کی صورت میں کسی سروس ایریا، ہوٹل یا پیٹرول پمپ پر رکیں۔

بقیہ 25

، سروے میں، رہائش، خوراک، تعلیم، صحت اور دیگر عوامل کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ رپورٹ میں دعوی کیا ہے کہ گزشتہ سال کے دوران دنیا کے بڑے شہروں میں افراط زر کی شرح اوسطا 8.1 فیصد بڑھی ہے جو کہ گزشتہ 20 سالوں میں سب سے زیادہ ہے۔ رپورٹ میں زندگی گزارنے کے لیے بنیادی اخراجات کے اعتبار سے کراچی دنیا کا چھٹا سستا شہر ہے۔ سب سے سستا شہر شام کا دارالحکومت دمشق، لیبیا کے شہر طرابلس کو دوسرا اور ایرانی دارالحکومت تہران کو تیسرا، تیونس چوتھا، ازبکستان کا دارالحکومت تاشقند پانچواں سب سے سستا شہر قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق دنیا کے دس سستے ترین شہروں کی فہرست میں ایشیا کا راج ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان کا سب سے بڑا شہر کراچی صنعتی، تجارتی، تعلیمی، مواصلاتی و اقتصادی مرکز ہے، جس کی وجہ سے اسے منی پاکستان کا درجہ حاصل ہے۔ بانی پاکستان کا شہر کراچی صوبہ سندھ کا دارالحکومت ہے، یہ شہر دریائے سندھ کے مغرب میں بحیرہ عرب کی شمالی ساحل پر واقع ہے۔ پاکستان کی سب سے بڑی بندرگاہ اور ہوائی اڈہ بھی یہاں قائم ہے۔ علاوہ ازاں کراچی 1947 سے 1960 تک پاکستان کا دارالحکومت بھی رہا ہے۔

بقیہ 26

کہا کہ پولنگ اسٹیشن نمبر 30 لوئر نا موڑہ اور پولنگ اسٹیشن 62 کوئیاں کے مقام پر 2 گروپوں میں ہنگامہ آرائی ہوئی ہے۔

بقیہ 27

یر داخلہ کے وکیل فرہاد علی شاہ نے بتایا کہ رانا ثنا اللہ ہارٹ اٹیک کی وجہ سے گزشتہ سماعت پر پیش نہ ہو سکے۔ انہوں نے عدالت سے استدعا کی کہ ایک ہفتے کی تاریخ رکھ لیں، ہم بھی اس کیس میں لمبی تاریخ نہیں چاہتے۔ جس پر عدالت نے کیس کی سماعت 10 دسمبر تک ملتوی کرتے ہوئے وکلاء کو رانا ثنا اللہ کی متفرق درخواستوں پر دلائل کے لیے طلب کر لیا۔

بقیہ 28

نہیں کی، چیئرمین پی ٹی آئی کا پہلے دن سے مطالبہ تھا کہ انتخابات کی تاریخ کا اعلان کریں تو پھر ہم مذاکرات کریں گے۔ ایک بیان میں رہنماء پی ٹی آئی فواد چودھری نے کہا کہ عمران خان نے مذاکرات کی کوئی غیر مشروط پیش کش نہیں کی، چیئرمین پی ٹی آئی کا پہلے دن سے مطالبہ تھا کہ انتخابات کی تاریخ کا اعلان کریں تو پھر ہم مذاکرات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی معاشی صورت حال خراب ہے، وزارت دفاع کو مزید پیسے چاہئیں، سفارتخانے کے عملے کی تنخواہیں نہیں مل رہیں، یہ بہت خطرناک ہوگا اگر حکومت خود پاکستان کو ڈیفالٹ ڈکلیئر کر دے۔

بقیہ 29

کیا، کچھ تفتیشی افسران نے شواہد یو ایس بی میں ہونے کا بیان دیا لیکن کہا کہ ٹرانسکر پٹ نہیں ہے۔ فیصلے میں لکھا ہے کہ کسی بھی ایف آئی آر میں ملزم کے خلاف دوران احتجاج اسلام آباد میں داخل ہونے کا الزام نہیں، ملزم کے خلاف یہ الزام ہے کہ اس کے اکسانے پر اسلام آباد میں مظاہرین اکٹھے ہوئے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے تفصیلی فیصلے میں لکھا ہے کہ عدالت شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کی ذمہ دار ہے، دلائل سے ثابت ہوتا ہے کہ ملزم کے خلاف اسلام آباد میں اشتعال انگیز تقریر کے شواہد نہیں ہیں لہذا اخراج مقدمہ کی درخواستیں ملزم کی حد تک منظور کی جاتی ہیں۔

بقیہ 30

، کاشتکار حکومت کی فراہم کردہ سہولیات سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور جدید طریقہ کاشت کو اپنایا جائے تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہو اور پاکستان زراعت کے شعبہ میں خود کفالت کی منزل طے کر سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی ایڈوائزری کمیٹی برائے زراعت کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت جعفر عمران کے علاوہ لائیو سٹاک انہار مارکیٹ کمیٹی کے افسران کنو گروور ایسوسی ایشن کے نمائندوں اور کسان بچاؤ تحریک کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اے ڈی سی جی نے کہا کہ حکومت پنجاب کاشتکاروں کی مکمل فلاح پر یقین رکھتی ہے، کاشتکاروں کو کھادوں بیج اور بجلی میں حکومت خاطر خواہ ریلیف فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے جعلی زرعی ادویات اور کھادیں فروخت کرنے والوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے محکمہ زراعت کے فیلڈ افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائض بھرپور طریقے سے انجام دیں اور کاشتکاروں کی درست سمت رہنمائی کی جاسکے۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت جعفر عمران نے اپنے ادارے کی ایک ماہ کی کارکردگی کے علاوہ کاشتکاروں کے لئے جاری مختلف سکیموں بارے تفصیلات سے آگاہ کیا۔

بقیہ 31

شامل ہیں۔ پیشہ ور بھکاریوں کے بھیس میں جرائم پیشہ افراد مجرمانہ کارروائیوں میں ملوث پائے گئے، شاہراہوں پر بھیک مانگنے والے بچوں کو چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کے حوالے کیا گیا۔ سی سی پی او نے کہا کہ لاہور پولیس، چائلڈ پروٹیکشن بیورو اور سوشل ویلفیئر کی مشترکہ ٹیموں کی کارروائیاں جاری ہیں، ڈویژنل ایس پیز اپنے علاقوں سے بھکاری مافیا کا تدارک کریں، بچوں کو اس گھناؤنے دھندے میں ملوث کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، شاہراہوں، چوراہوں اہم مقامات پر ڈیرے ڈالنے والے بھکاریوں کے خلاف موثر کارروائیاں کریں۔

بقیہ 32

کی شدید مذمت کرتے ہیں، حملے میں پاکستانی ناظم الامور عبید الرحمٰن نظامانی کو نشانہ بنانے کی کوشش کی گئی، دہشتگردی کے حملے میں سفارتخانے کا سکیورٹی گارڈ بھی زخمی ہوا ہے۔ قرارداد میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ افغانستان میں عبوری حکومت فوری طور پر حملے کی جامع تحقیقات کر کے مجرموں کو گرفتار کر کے خلاف کارروائی کرے، افغانستان میں پاکستانی سفارتی عملے کی حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 33

مسلم لیگ (ن) ملکی دفاع، معیشت اور اخلاقیات پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی، قانون دان، سول سوسائٹی اور عوام ملک کو بحران سے نکالنے کیلئے وفاقی حکومت کے ساتھ ساتھ اپنا کردار بھی ادا کریں تاکہ ایک ایٹمی قوت پاکستان دشمنوں کی سازشوں سے بچ سکے۔

بقیہ 34

کے حوالے سے سول ایوی ایشن اتھارٹی، ملکی و غیر ملکی ایئر لائنز کو آگاہ کر دیا گیا ہے، سیالکوٹ کے عوام کے لئے لاہور اور اسلام آباد ایئر پورٹ کو متبادل کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔ پی آئی اے سمیت دیگر ملکی و غیر ملکی ایئر لائن سیالکوٹ آپریشن کے حوالے سے اپنے شیڈول میں بھی ردوبدل کریں گی۔

بقیہ 35

دختر محمد ریاض کوزوالوجی کے مضمون میں 'عمر گی کے آغاز کیلئے ممکنہ حساس عوامل اور کثیر الشکلی جینیاتی تعلق کی شناخت' کے موضوع پر، نادیہ مجید دختر عبدالمجید کو ایجوکیشن کے مضمون میں 'ہم مرتبہ کے تعین اور تعامل کے پنجاب کے انڈر گریجویٹ طلبا کی انگریزی میں لکھنے کی مہارت پر اثرات' کے موضوع پر، قرۃ العین دختر لیاقت علی کو انگلش کے مضمون میں 'انسان اور مشین کا باہمی تعلق، پاکستان کے ہم عصر انگریزی ناول کا نظریہ مابعد البشریت کے تناظر میں جائزہ' کے موضوع پر اور طاہرہ فاطمہ دختر اختر علی کو اردو کے مضمون میں 'اردو افسانے پر جدید سائنسی نظریات کے اثرات' کے موضوع پر، پی ایچ ڈی مقالہ جات کی تکمیل کے بعد پی ایچ ڈی کی ڈگریاں جاری کر دیں۔

بقیہ 36

میونسپل ڈویلپمنٹ فنڈ کمپنی سید زاہد عزیز نے ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اس موقع پر سیکرٹری بلدیات سید مبشر حسین نے بتایا کہ جڑانوالہ میں سڑکوں کی تعمیر پر 295، وزیر آباد میں 213 اور کامونکی میں 381 ملین لاگت آئے گی۔ جڑانوالہ میں مین بازار روڈ، واٹر ورکس روڈ، محمد علی پارک روڈ، جی ٹی روڈ، لاہور روڈ رشید پارک روڈ اور گلستان سینما روڈ کی تعمیر و مرمت ہو گی۔ کرانوالہ چوک، ننکانہ موڑ چوک انارکلی بازار چوک کی تعمیر اور تزئین و آرائش کی جائے گی۔ وزیر آباد میں شہید روڈ، ڈبل ریلوے روڈ، مسلم روڈ، پیر مٹھا روڈ، جناح کالونی روڈ ویسٹرن سرکلر روڈ، اور ریلوے کالونی روڈ کی تعمیر منصوبے کا حصہ ہیں ٹیلی فون ایکسچینج چوک، حاجی پورہ چوک، پیپل چوک کی تعمیر ہوگا۔ سیکرٹری بلدیات نے کہا کہ کامونکی میں ماری روڈ، نیو گرین مارکیٹ روڈ، ایمن آباد روڈ تعمیر کیے جائیں گے۔ تینوں شہروں میں چوکوں، چوراہوں کی تزئین و آرائش پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، منصوبے پر جلد از جلد عمل درآمد کے لیے بغیر کسی تاخیر کے ٹینڈر جاری کیے جائیں، ترقیاتی کاموں کے دوران ٹریفک کے متبادل پلان سے متعلق شہریوں کو آگاہی دی جائے۔ سڑکوں کے دونوں اطراف شجر کاری کے لیے بجٹ بھی مختص کیا گیا ہے۔

بقیہ 37

قتل کے بعد کچے میں جا کر چھپ گئے تھے۔ زوہیب نصر رانجھا نے بتایا کہ دوران تفتیش ملزم سے قتل کا اسلحہ بھی برآمد ہوا ہے۔

بقیہ 38

اور میڈلز دیئے گئے۔ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور اور لمز کے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد ارشد مہمان خصوصی تھے۔ چیئرمین بورڈ آف ٹرسٹیز شاہد حسین، شالامار ہسپتال کی چیف آپریٹنگ آفیسر ڈاکٹر عائشہ نعمان اور پرنسپل شالامار نرسنگ کالج اور سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز ڈاکٹر رفعت جاوید بھی شریک ہوئیں۔ مہمان خصوصی ڈاکٹر محمد ارشد نے طلبا سے خطاب کرتے ہوئے صحت کے شعبے اور طب کی تعلیم کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر چیئرمین بورڈ آف ٹرسٹیز شاہد حسین نے اپنے خطاب میں کہا کہ شالامار انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ سائنسز عالمی معیار کے ڈاکٹرز، نرسز اور ہیلتھ پروفیشنلز کی تیاری کے ساتھ عالمی معیار کی صحت کی سہولیات بھی فراہم کر رہا ہے۔ پرنسپل شالامار میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج پروفیسر زاہد بشیر نے سالانہ رپورٹ پیش کی، طلبا کو کامیابی پر مبارکباد دی اور طب کے شعبے میں آنے پر ان سے خصوصی حلف بھی لیا۔ مہمان خصوصی ڈاکٹر ارشد احمد نے ایم بی بی ایس میں بہترین کارکردگی دکھانے والے ڈاکٹر محمد مبشر، ڈاکٹر ثمین طارق شالامار نرسنگ کالج کے مبین سعید، سائرہ علی، فاطمہ ثنا اللہ، عائشہ واجد عفرا سیاب، سمعیہ شاہد اور سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز کی طالبہ رمشہ اکبر، حافظہ عائشہ بابر، ذوفا شفیق، نور فاطمہ، سیدہ خدیجہ اعجاز، اقصیٰ یاسین، شمائلہ جبیں، نیہا شکیل، حسین جاوید، عفرا بتول، وجیہہ اکرم، عائشہ عنایت، عقیل حریم بٹ کو سونے اور چاندی کے میڈلز پہنائے۔ کانووکیشن میں طلبا کے والدین نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔

بقیہ 39

حساب سے گاہکوں کو مہنگا آٹا فروخت کر رہے ہیں، فلور ملز مالکان سرکاری گندم کی عدم دستیابی کا شکایت کر رہے ہیں، دانستہ طور پر ستا آٹے کی قلت پیدا کر کے مہنگا آٹا فروخت کرنے کی راہ ہموار کی جا رہی ہے۔ مطالبہ ہے کہ آٹے کی عدم دستیابی کا نوٹس لیا جائے اور دس کلو اور بیس کلو آٹے کے تھیلے کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 40

اللہ ورک مسلم لیگ یوتھ ضلعی صدر رانا کاشف الرحمن انجمن تاجران ریانپورہ کے صدر حاجی سلیم بھٹی سوشل ویلفیئر آفیسر میڈم نازیہ انجمن شہریاں کے صدر طارق ریحان سٹی پریس کلب کے صدر رانا جعفر اور دیگر شہریوں کی بھاری تعداد نے شرکت کی سپیشل پیپلز کے صدر سیٹھ اکرم نے کہا اقوام متحدہ قوانین کے مطابق معذور افراد کو سہولتیں دی جائیں لیگی رہنما چوہدری ارشد ورک کا کہنا تھا معذور افراد معاشرے کا حصہ ہیں انکو سب کے برابر حقوق ہونے چاہئیں واک جی ٹی روڈ سے ہوتی پریس کلب پہنچ کر اختتام ہوگئی جہاں معذور افراد میں تحائف تقسیم کئے گئے۔

بقیہ 41

راولپنڈی کی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا۔ سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کا کہنا تھا کہ خصوصی بیگر سکواڈ بھرپور محنت کر رہا ہے، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہو کر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہے، عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوال کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی۔

بقیہ 42

خان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم جاوید اقبال کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 01 کلو 260 گرام چرس برآمد ہوئی، کہوٹہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم خرم جمشید کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 کلو 500 گرام چرس برآمد کی، کوٹلی ستیاں پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم یاسر ایوب کو گرفتار کر کے ملزم سے 515 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے گی۔

بقیہ 43

بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (71 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے اور اولین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات 9 9 9 5 ڈرائیوز، کم عمر ڈرائیور 47 مسافر 460 اور 140 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 285 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں، جن میں صوبائی دارالحکومت 301 متاثرین کے ساتھ پہلے ملتان 92 حادثات میں 91 متاثرین کے ساتھ دوسرے فیصل آباد 86 حادثات میں 82 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1199 متاثرین میں 1003 مرد اور 196 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 248 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم اور 639 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 312 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 990 موٹر سائیکلز، 80 آٹو رکشے 146 کاریں، 8 2 وین 2 1 مسافر بسیں، 3 2 ٹرک اور 107 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ 44

اور کیش ایوارڈز کا اعلان کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق خیبر ایجنسی سے پنجاب داخل ہونے والی مشکوک کار تو تھانہ اربن ایریا پولیس ٹیم نے چکی 39 کے قریب روک کر 33 کلو افیون و چرس برآمد کر کے منشیات سمگلر باڑہ کے گل ولی کو گرفتار کر لیا جس نے ابتدائی تفتیش میں انکشاف کیا کہ وہ منشیات سرگودھا بلاک 25 کے وسیم، چھٹہ کالونی کے ممتاز اور احمد کو سپلائی کرنے لایا جو پہلے بھی اس کی اعانت کرتے ہیں پولیس تھانہ اربن ایریا ملزمان کے خلاف مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے خریداروں کی تلاش میں چھاپے مارتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ ڈی پی او محمد طارق عزیز نے اس کارکردگی پر تھانہ اربن ایریا کی ٹیم ایس ایچ او آذر ندیم، سب انسپکٹر شبیر حسین، اے ایس آئی محمد اعجاز کانسٹیبلان ناصر الرحمان، صفدر حسین، فیاض خان اور تصور عباس کے لئے تعریفی سرٹیفکیٹس اور کیش ایوارڈز کا اعلان کیا۔

بقیہ 45

اور ایل جی ایچ میں نمایاں طور پر آویزاں کی جائے گی تاکہ دیگر سٹوڈنٹس میں سبقت لے جانے کا جذبہ پیدا ہو اور وہ زیادہ سے زیادہ محنت کر کے امتیازی نمبروں کے ساتھ اپنی تعلیم میں کامیابیاں حاصل کرنے کی کاوش کریں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ میڈیکل کی تعلیم کے حصول کیلئے انتہائی محنت، شب و روز مطالعہ اور سنجیدہ رویہ کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ نصابی سرگرمیوں میں زیادہ سے زیادہ وقت لگا کر امتحانات میں کامیابی حاصل کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیکل ایجوکیشن نا صرف دنیا میں نام اور عزت کمانے کا ذریعہ بلکہ ڈاکٹرز دکھی انسانیت کی خدمت کر کے بھی اللہ کی خوشنودی حاصل کرتے ہیں۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ امیر الدین میڈیکل کالج کے سٹوڈنٹس انتہائی خوش قسمت ہیں، انہیں پی جی ایم آئی میں ڈپلومہ و ڈگری کورسز کی تعلیم دینے والے سینئر اساتذہ میسر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پوزیشن ہولڈز طلبہ کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

بقیہ 46

ناقص میٹریل کے استعمال پر ذمے داران کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے ڈپٹی کمشنر میانوالی محمد عمیر نے ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ریویو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے محکمہ بلڈنگز، ہائی وے، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے علاوہ دیگر تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع بھر میں جاری ترقیاتی سکیموں میں معیاری میٹریل استعمال کرتے ہوئے متنبہ کیا کہ ناقص اور غیر معیاری میٹریل کے استعمال پر ذمہ داران کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ نے اے ڈی پی 2022.23 کی 188 اور پی ایس ڈی پی کی 2 ترقیاتی سکیموں کی فزیکل اور فنانشل پراگریس سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے تعمیراتی محکموں کے افسران کو ہدایت کی کہ جو ترقیاتی سکیمیں جاری ہیں اور جن کے فنڈز موجود ہیں انہیں مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نیا فسران پر زور دیا کہ جاری ترقیاتی سکیموں پر کام کی رفتار کو سپیڈ اپ کیا جائے اور مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے متعلقہ تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ اپنی اپنی تحصیلوں میں جاری ترقیاتی سکیموں کا معائنہ کریں اور کاموں کی پیش رفت کی رپورٹ کریں۔

بقیہ 47

میں کاہنہ آپریشن ونگ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے واقعہ میں ملوث مرکزی ملزم نعمان، نوید، عرفان، حیدر، عرفان اور راشد کو گرفتار کیا۔ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ خاتون آلو روڈ کاہنہ نو اپنی بہن کے گھر گئی ہوئی تھی، جہاں سے نعمان نامی ملزم خاتون عشرت بی بی کو ورغلا کر کچوانہ گاؤں گھر میں لے گیا تھا۔ باقی ملزمان کی تلاش کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن نے کہا کہ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج، جینڈر سیل کے حوالے کر دیا گیا۔ خواتین، بچوں کا استحصال کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

بقیہ 48

لاکھوں روپے فراڈ کر کے بٹورے، ملزمان کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر لیے۔ دوسری جانب خاتون کو واٹس ایپ، سوشل میڈیا پر حراساں کرنے والے ملزم کو بھی گرفتار کرلیا گیا، ملزم دانیال وسیم کے موبائل سے سے نازیبا مواد برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ملزم کو بھی گرفتار کرلیا گیا، ملزم دانیال وسیم کے موبائل سے سے نازیبا مواد برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا گیا۔

بقیہ 49

ہے، ون وے کی خلاف ورزی کرنے والے اپنی اور دوسروں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالتے ہیں، ون وے ٹریفک کی خلاف ورزی ٹریفک خلل کا بھی باعث بنتی ہے۔ سی ٹی او لاہور نے کہا کہ رواں سال ون وے ٹریفک کی خلاف ورزی پر 02 لاکھ 27 ہزار سے زائد چالان کئے گئے، ون وے ٹریفک کی خلاف ورزی پر 02 ہزار روپے کا چالان کیا جا رہا ہے، ون وے ٹریفک کی خلاف ورزی پر کارروائی کے ساتھ ساتھ آگاہی بھی دی جاتی رہے گی، شہری پریشانی سے بچنے کیلئے قوانین کا احترام کریں۔

بقیہ 50

ماجد کو گرفتار کرلیا، جبکہ آرائے بازار پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے دھوکہ دہی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم فیصل کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرمان سال 2019 سے راولپنڈی پولیس کو مطلوب تھے، ایس پی پوٹھوہار ملک طارق محبوب کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے گی۔

بقیہ 51

نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم اورنگزیب کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 05 بوتل شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 52

لیے، شہری کی درخواست پر مندرہ پولیس نے فوری مقدمہ درج کر کے ملزم شجاعت کو گرفتار کرلیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ملزم کتنا ہی شاطر کیوں نہ ہو قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا۔

بقیہ 53

پورے کیے جائیں گے، قتل جیسے سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

بقیہ 54

کہ ہم ان کا بازو پکڑیں گے، روکنے کی کوشش کریں گے، اگر یہ اسمبلیاں توڑنا چاہتے ہیں تو توڑ لیں ہم اس کا حصہ نہیں بنیں گے، اگر آپ نے اسمبلی توڑی تو بے آسرا آپ نے ہونا ہے، دو صوبائی حکومتوں اور دو ریاستی حکومتوں پر آپ کا خرچہ چلتا ہے، اگر آپ آئینی بحران پیدا کریں گے تو ہم آپ کو ایسا نہیں کرنے دیں گے، ان شا اللہ ملک میں کوئی آئینی بحران پیدا نہیں ہوگا، جو بھی ہوگا آئین و قانون کی پیروی کی جائے گی، سندھ، بلوچستان کی اسمبلی اور قومی اسمبلی موجود رہے گی۔ ماڈل ٹاؤن میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت پارٹی کی سینئر قیادت کا مشاورتی اجلاس ہوا جس میں عمران خان کی مشروط مذاکرات کی پیشکش کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے بعد وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ، عطا اللہ تارڑ اور ملک محمد احمد خان کے ہمراہ میڈیا کو بریفنگ دی۔ خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ عمران خان نے مذاکرات کی جو پیشکش کی ہے اس کا حتمی فیصلہ پی ڈی ایم اتحادی مل کر کریں گے۔ عمران خان نے جو دھمکی آمیز پیشکش کی ہے اس پر بات کرنے سے پہلے ماضی میں جھانکنا ضروری ہے۔ جب موجودہ حکومت کا پہلا قومی اجلاس کا ہوا تھا تو اس وقت کے قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے میثاق معیشت کی پیشکش کی تھی کیونکہ ملکی معیشت کو مزید ہچکولے نہیں ملنے چاہئیں، یہ پیشکش متحدہ اپوزیشن نے دی تھی لیکن عمران اور ان کے ساتھیوں نے اس کا مذاق بنایا، تماشہ اڑایا گیا تھا اور اس کو کبھی سنجیدگی سے نہیں لیا، اس کے بعد یہ پونے چار برس وفاق میں حکمران رہے، فیٹف کے معاملے اور دیگر حساس معاملوں پر قانون سازی اور ملکی مفادات کی بات آئی تو ہم نے اس وقت کی حکومت کے ساتھ تعاون کیا لیکن ہمیں ہر بار طعنے سننے کو ملے اور این آر او کا طعنہ دیا گیا حالانکہ عمران خان این آر او دینے کے قابل ہی نہیں تھے، موصوف کا حال یہ تھا ان میں نفرت اتنی بھری ہوئی تھی کہ یہ پہلا وزیراعظم تھا جو نشستیں پھلانگ کر اپنی نشست پر پہنچتا تھا تاکہ اپوزیشن سے آنکھیں نہ ملائی جاسکیں اور سلام دعا کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، پونے چار سال اس نے کسی سے سلام لیا نہ دیکھنا گوارہ کیا، اس میں عجیب فرعونیت تھی، ایسی فرعونیت نہ کبھی دیکھی تھی نہ سنی تھی، اس ملک میں مارشل لاء بھی رہے ہیں لیکن اس نے سب کے ریکارڈ توڑ دیئے۔ ملک میں آئینی جمہوری تبدیلی سے اس کا دور ختم ہوا تب سے عمران خان، ان کے سہولت کار اور ساتھیوں نے سازشیں شروع کیں لیکن انہیں ہر بار ناکامی ہوئی، جتنی دھمکیاں دی ہیں سب گیدڑ بھبھکیاں ثابت ہوئی ہیں، اس میں ہماری کوئی مہارت نہیں بلکہ یہ قدرت کا وبال ہے، جو کسی کی پگڑی اچھالے خود نالائق اور کرپٹ بھی ہو ہر برائی اپنے اندر موجود ہے لیکن انہیں مخالفین پر عائد کر دے تو ایسا شخص قدرت کے غضب کا شکار ہوتا ہے، عمران خان، سہولت کار اور ان کے ساتھی مکافات عمل کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے ان کے ساتھ ماضی میں بھی غیر رسمی روابط ہوئے ہیں اور ایک سے زائد بار ہوئے ہیں، دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ روابط بھی خود کرتے ہیں اور بتاتے ہوئے شرماتے ہیں اور بتانا گوارہ نہیں کرتے، اس وقت بھی ان کے دوستوں کو کہا تھا کہ فیصلہ پی ڈی ایم نے کرنا ہے، مذاکرات کبھی مشروط نہیں ہوتے، اگر پہلے شرائط عائد کردیں تو مذاکرات کیسے ہوں گے، یکطرفہ ٹریفک نہیں چل سکتی یہ آپ کا ایجنڈا ہے، اگر پی ڈی ایم نے فیصلہ کیا تو ان کا اپنا ایجنڈا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے بعض اتحادیوں کو شدید تحفظات ہیں کہ ان سے بات نہیں کرنی او فیس سیونگ نہیں دینی۔ لیکن ہم یہ بھی سمجھتے ہیں کہ مذاکرات کا عمل سیاست کا حصہ ہے لیکن ہر بات کا سلیقہ ہوتا ہے اگر عمران خان واقعی سنجیدہ ہیں تو انہیں دو تین باتیں سمجھ آ جانی چاہئیں، دھمکیاں بہتان گالیاں اور مذاکرات اکٹھے نہیں چل سکتے مذاکرات کا ماحول بنانا پڑتا ہے، مذاکرات ان کی ضرورت ہے ہماری ضرورت نہیں، ان کے لوگ کہتے ہیں کہ پی ڈی ایم اتحادی انتخابات سے ڈرتے ہیں تو یہ ان کی خام خیالی ہے اس کو اپنے ذہن سے نکال دیں، ہم نے پہلی بار انتخاب نہیں لڑنا، جب بھی اور جہاں بھی انتخاب ہوگا ضرور لڑا جائے گا، گزارش یہ ہے کہ ملک کے وسیع تر مفاد میں بات بھی کر سکتے ہیں قدم بھی اٹھا سکتے ہیں لیکن اس کے لئے پہلے اتحادیوں سے بات ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا سوچا سمجھا موقف ہے کہ اسمبلیاں قانون سازی اور گورننس کے لئے بنتی ہیں توڑنے پھوڑنے کے لئے نہیں بنتی، ہر اسمبلی کو اپنی مدت پوری کرنی چاہیے یہ ہمارا آج کا موقف نہیں ہے بلکہ بہت پہلے کا موقف ہے، اگر چار صوبوں کا حکمران ایڈونچر کرنا چاہتا ہے تو کر لے، ہم راستے میں رکاوٹیں کھڑی نہیں کریں گے یہ بھول جائیں کہ ہم ان کا بازو پکڑیں گے، روکنے کی کوشش کریں گے، اگر یہ اسمبلیاں توڑنا چاہتے ہیں تو توڑ لیں ہم اس کا حصہ نہیں بنیں گے، آپ لوگوں کے مینڈیٹ کا مذاق اڑانے سے گریز کریں، یہ ملک کا وقت اور توانائی صائع کرنے کے مترادف ہے، اسمبلیوں کو مدت پوری کرنی چاہیے اور انتخابات وقت پر ہونے چاہئیں۔ اگر آپ نے اسمبلی توڑی تو بے آسرا آپ نے ہونا ہے، دو صوبائی حکومتوں اور دو ریاستی حکومتوں پر آپ کا خرچہ چلتا ہے، لانگ مارچ اور جلسے انہیں کے اخراجات سے سجاتے ہیں آپ اسلام آباد نہیں آتے اور پناہ بھی وہاں لیتے ہیں جہاں پر آپ کی حکومتیں ہیں، آپ اچھی طرح سوچ لیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر بات چیت کرنی ہے تو ڈرانے کی ضرورت نہیں، باضابطہ رابطہ کریں ہم اسے پی ڈی ایم کی میز پر لے کر جائیں گے، اگر آپ سنجیدہ بات کریں گے تو سنجیدہ جواب دیں گے، اگر آپ آئینی بحران پیدا کریں گے تو ہم آپ کو ایسا نہیں کرنے دیں گے، ان شا اللہ ملک میں کوئی آئینی بحران پیدا نہیں ہوگا، جو بھی ہوگا آئین و قانون کی پیروی کی جائے گی۔ سندھ، بلوچستان کی اسمبلی اور قومی اسمبلی موجود رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہر بار ان کا یہی کام ہے کہ اسمبلیوں میں آتے ہیں تو استعفے پھینک جاتے ہیں، ہم انہیں بچا کر رکھتے ہیں، ان کو سیاست کب آئے گی، لوگوں کے ووٹ کا مذاق اڑاتے ہیں، ہم ابھی بھی ان کے استعفے لے کر بیٹھے ہوئے ہیں۔ عمران خان کو مشورہ ہے اپنے اندر سنجیدگی پیدا کریں گہرائی پیدا کریں، آپ سہولتوں کاروں کے ساتھ مل کر کھیلتے رہے ہیں آپ نے سیاست میں یہی گند کیا ہے، پاکستان اس کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنا فیصلہ نہیں بتایا، عمران خان نے بات کی ہے اس پر مسلم لیگ (ن) کا نقطہ نظر سامنے رکھا ہے، فیصلے کا اختیار پی ڈی ایم کے پاس ہے۔ عمران خان اپنا لب و لہجہ ٹھیک کریں بات کرنا سیکھیں بات کی پیشکش کرنا سیکھیں، انہوں نے جو جال پھینکا ہے اس میں انہوں نے خود ہی پھنسنا ہے۔ خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ ہمیں کہیں سے تقویت نہیں ملی، طاقت کا سرچشمہ اللہ کی ذات ہے جہاں تک دنیاوی بات ہے تو وہ نواز شریف ہے۔ انہوں نے کسی تیسری قوت کی بات چیت کے لئے مداخلت کے بارے سوال کے جواب میں کہا کہ پی ڈی ایم میں سب تجربہ کار موجود ہیں ہم نے ماضی میں مذاکرات کئے ہیں اور گھمبیر مسائل کو حل کیا ہے، تیسرے کی مداخلت کی ضرورت ہی نہیں ہم سب خود ہی معاملات حل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے عمران خان کے الزامات پر فل کورٹ کمیشن کے حوالے سے کہا کہ اس حوالے سے وزیراعظم کی جانب سے معزز ادارے کو لکھا گیا ہے فیصلہ اس نے کرنا ہے۔ انہوں نے معاشی صورتحال کے حوالے سے کہا کہ یہ کیا دھرا عمران خان کی نالائقیوں اور کھلنڈرے ساتھیوں کا ہے جنہیں ریاستی امور کا تجربہ نہیں تھا، ان کا ایک ہی مشن تھا کہ مقدمات بناؤ، ایک کروڑ نوکریوں اور پچاس لاکھ مکانات کا جھوٹا بیانیہ بناؤ، انہوں نے جو دعوے کئے تھے ایک فیصد بھی پورے نہیں ہوئے، ہم آئی ایم ایف کے ساتھ ان کی چھوڑی ہوئی ڈیل کو مکمل کرنے جا رہے ہیں بات چیت کر رہے ہیں، لیکن انہوں نے یہاں بھی سازش کی اور کہا کہ اس معاملے کو خراب کرو، ان کی سوچ یہ ہے کہ ہم نے اقتدار میں ہونا تھا تو ملک ہے، یہ ملک کو سری لنکا کی صورتحال میں دھکیل رہے تھے، معلوم نہیں ان کے دماغ پر کن شیاطین نے قبضہ کیا ہوا ہے، اگر ہم حکمران نہیں ہے تو بائیس کروڑ عوام کا ملک جہاں مرضی چلا جائے۔ اب ان کا جھوٹ کا چورن نہیں بکنا، یہ بائیس کروڑ کا ملک ہے اسے بدقسمت ملک نہ بننے دیں۔ آج ایک ایک ادارہ چلانا مشکل ہے لیکن یہ ٹانگے کھینچنے کا دھندا کرتے ہیں، آج یہ کہتے ہیں قبل از وقت انتخابات کرادیں، پہلے ہم غدار تھے امپورٹڈ تھے، ان کے سائفر کا بیانیے کے پرخچے اڑ گئے، ان کی نظر میں سیاست کھیل تماشہ ہے لیکن ہم اسے جہاد سمجھ کر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی معیشت کو درست کرنے کیلئے سیاسی استحکام چاہیے اسی وجہ سے عمران خان چاہتا ہے سیاسی استحکام نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ گڑھے مردے اکھاڑیں اور ایک دوسرے کا گریبان پھاڑنے کی بجائے ہم پاکستان کو آگے لے جانا چاہتے ہیں۔ چار سال کی بربادی اس کی ہے اور یہ اس دن شروع ہوئی تھی جب غیر قانونی غیر آئینی طور پر سازش کے ذریعے منتخب حکومت کو اکھاڑا گیا تھا، اس کے سپریم کمانڈر کو نااہل کیا گیا، یہ اس سازش کا پیکج تھا جو 2010ء میں پراجیکٹ عمران خان کی صورت میں لانچ کی گئی تھی لیکن اس کا خاتمہ قریب ہے۔ وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ہم سیاست دان ہیں اور سیاستدان کبھی بھی مذاکرات سے بیٹھنے سے انکاری نہیں ہوتا، یہ واحد سیاستدان جو ملک پر مسلط ہوا ہے اور ملک و قوم کی بدقسمتی ہے کہ یہ پونے چار سال اس نے اپوزیشن کے ساتھ ہاتھ تک نہیں ملایا، جب پلوامہ کا وقعہ ہوا تھا ہر جماعت سے پانچ پانچ سینئر لوگ ڈیڑھ گھنٹہ تک اس کا انتظار کرتے رہے، عمران خان اس وقت وزیراعظم تھے اور پارلیمانی عمارت میں موجود تھے۔ اس وقت کے آرمی چیف قمر جاوید باجوہ اسرار کرتے رہے کہ ساری اپوزیشن بیٹھی ہے میٹنگ آپ کی صدارت میں ہونی ہے ہم نے بریف کرنا ہے اس سے وقومی یکجہتی کا پیغام جائے گا لیکن یہ شخص نہیں مانا، اس کا شروع دن سے یہی رویہ رہا ہے۔ ہمیں دھمکی آمیز مذاکرات کی پیشکش نہ کرے، اس نے دھمکیاں دے کر دیکھ لی ہیں، یہ اسٹیبلشمنٹ کو دھمکیاں دے کر بلیک میل کر کے انتخابات کی تاریخ لینا چاہتا تھا لیکن نہیں لے سکے، اسی طرح ہم سے لینا چاہتا ہے لیکن نہیں لے سکے گا، اس کا ایک سیاسی طریقہ ہے بات کرے ہم وہ معاملہ پی ڈی ایم میں لے کر جائیں گے اور وہاں فیصلہ کریں گے، مشروط بات نہیں ہوسکتی، غیر مشروط طور پر بیٹھے، اس نے اب بھی مشروط مذاکرات کی کی ہے اور ساتھ دھمکی دی ہے یہ قابل قبول نہیں۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ جس تیسری قوت کی بات کر رہے ہیں اسے یہ تین ماہ سے گالیاں دے رہا کہ یہ درمیان میں پڑیں اور انتخابات کی تاریخ لے کر دیں، اتنا ہونے کے باوجود تیسری قوت نے دخل نہیں دیا اور اپنے فیصلے پر قائم ہیں کہ ادارے نے اے پولیٹیکل ہونا ہے اور جو آئین میں درج ہے اس کے مطابق ہوگا، اب وہ آگے پیچھے نہیں ہوں گے۔ عمران خان کا یہ خیال تھا کہ کہ راولپنڈی میں عوام کا سمندر ہوگا، بیس پچیس لاکھ لوگ جب راولپنڈی میں آجائیں گے میں اس وقت بات کروں گا کہ اسلام آباد کی طرف جاؤں یا انہیں معاف کروں گا، جب اس نے جلسے کا فضائی جائزہ لیا تو اس کے کانوں سے دھواں نکل آیا، اس نے جتنے لاکھ لوگ کہے تھے اتنے ہزار بھی نہیں آئے تب اس نے فرسٹیشن میں اسمبلیاں تحلیل کرنے کا اعلان کردیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ معاشی حالات پیدا نہیں کئے بلکہ اس نے پیدا کئے، اس نے آئی ایم ایف سے معاہدے کی خلا ورزی کی اور بحران کو بڑھایا، ان کی پالیسیوں کی وجہ سے ملک ڈیفالٹ کے کنارے پر جاچکا تھا لیکن ہم نے سے سنبھالا ہے، عوام کو ریلیف دینے کا مرحلہ ابھی شروع نہیں کر سکے جو عنقریب کریں گے،

بقیہ 55

کر کے فرار ہو گیا تھا۔ پولیس کے مطابق مقتولہ کے بھائی کی مدعیت میں قتل کا مقدمہ درج کیا گیا تھا، پولیس کی جانب سے ملزم سے آلہ قتل برآمد کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

لاہور پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف آپریشن 4112 بھکاری گرفتار

بچوں کو گھناؤنے دھندے میں ملوث کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، سی سی پی او غلام محمود ڈوگر

شاہراہوں پر بھیک مانگنے والے مانگنے والے بچوں کو چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کے حوالے کیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کیخلاف آپریشن جاری، رواں سال اب تک 4112 پیشہ ور بھکاری گرفتار کر کے 4054 مقدمات درج کیے گئے۔ سی سی پی او غلام محمود ڈوگر نے بتایا کہ گرفتار گداگروں میں 3942 مرد، 157 خواتین اور ان کے 13 سہولت کار شامل ہیں۔ سٹی ڈویژن پولیس نے 869، صدر ڈویژن 734، ماڈل ٹاؤن ڈویژن پولیس نے 788 بھکاری گرفتار کئے، کینٹ ڈویژن پولیس نے 688، اقبال ٹاؤن ڈویژن 566، سول لائنز ڈویژن پولیس نے 467 گداگر گرفتار کئے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ماہ 14 پیشہ ور بھکاری گرفتار کر کے مقدمات درج کیے گئے، گرفتار بھکاریوں میں 11 مرد، 03 خواتین بھکاری (بقیہ نمبر 31)

عمران نیازی کے پاس ملکی استحکام کا کوئی منصوبہ نہیں، ماجد کمبوہ

شخصی اور مطلق العنان حکمرانی کی خواہشات نے قومی سلامتی تک داؤ پر لگا دی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما چوہدری ماجد محمود کمبوہ نے کہا ہے کہ عمران نیازی کے پاس معیشت اور ملکی استحکام کا کوئی منصوبہ نہیں، 7 ماہ سے ایک کھیل کھیلا جا رہا ہے، جہاں سیاسی بقاء اور مفاد ترجیح ہے، شخصی اور مطلق العنان حکمرانی کی خواہشات نے قومی سلامتی تک داؤ پر لگا دی۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 33)

لاہور، ایک خانہ بدوش نوجوان اندرون گندے نالے کے اندر اتر کر کارآمد اشیاء تلاش کر رہا ہے

سیکرٹری بلدیات کی زیرِ صدارت ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس

88 کروڑ سے زائد ترقیاتی اسکیموں کی ایڈمنسٹریٹیو منظوری

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری بلدیات سید مبشر حسین کی زیرِ صدارت ڈپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ کمیٹی کے اجلاس میں 88 کروڑ سے زائد ترقیاتی اسکیموں کی ایڈمنسٹریٹیو منظوری دیدی گئی، جڑانوالہ، کاموکی اور وزیر آباد میں سڑکوں اور کی تعمیر ہو گی۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ڈویلپمنٹ، ڈپٹی سیکرٹری ڈویلپمنٹ سیکشن آفیسر پراجیکٹ، چیف آفیسر ڈسٹرکٹ کونسل کاموکی، وزیر آباد اور جڑانوالہ سمیت دیگر نے شرکت کی۔ ایم ڈی پنجاب (بقیہ نمبر 36)

دروازہ پر کوڑا پھینکنے سے منع کرنے پر 22 سالہ لڑکی کو قتل کر دیا گیا

پولیس نے قاتل میاں، بیوی گرفتار کر لئے، دوران تفتیش ملزم سے قتل کا اسلحہ بھی برآمد

لاہور (سٹاف رپورٹر) دروازہ پر کوڑا پھینکنے سے منع کرنے پر 22 سالہ لڑکی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا، پولیس نے قاتل میاں بیوی کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب کے دارلحکومت لاہور میں دروازہ پر کوڑا پھینکنے سے منع کرنے پر لڑکی کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قاتل میاں بیوی کو رحیم یار خان سے گرفتار کر لیا، ملزمان نے جھگڑے پر 22 سال کی نورین کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ ملزم علی رضا کی بیوی حلیمہ نے نورین کے گھر کے سامنے کوڑا پھینکا تھا جس پر 22 سالہ لڑکی نورین نے انھیں منع کیا۔ ایس پی انویسٹی گیشن زوہیب نصر رانجھا نے کہا ہے کہ میاں بیوی مقتولہ کے (بقیہ نمبر 37)

افغانستان میں پاکستانی ناظم الامور عبدالرحمٰن نظامانی پر حملے کیخلاف مذمتی قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع

لاہور (سٹاف رپورٹر) افغانستان میں پاکستانی ناظم الامور عبدالرحمٰن نظامانی پر حملے کیخلاف مذمتی قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کروا دی گئی۔ مسلم لیگ (ن) کی رکن اسمبلی حنا پرویز بٹ کی جانب سے جمع کرائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ افغانستان کے دارالحکومت کابل میں پاکستانی کے سفارت خانے پر حملے (بقیہ نمبر 32)

پنجاب یونیورسٹی نے پانچ سکالرز کو پی ایچ ڈی کی ڈگریاں جاری کر دیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب یونیورسٹی نے ثناء جاوید دختر شیخ شوکت جاوید کو فارمیسی (فارماسیوٹکس) کے مضمون میں ’درد شقیقہ اور اس سے منسلک متلی کے لئے سوماٹرپٹین سکسینیٹ اور کلورپیرازین میلی ایٹ کی منہ میں حل ہو جانے والی پٹیوں کی تشکیل اور جانچ‘ کے موضوع پر، مہوش ریاض (بقیہ نمبر 35)

شالامار انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ سائنسز کے تینوں یونٹس کے کانووکیشن کا انعقاد 310 طلبہ میں ڈگریاں تقسیم

لاہور (نمائندہ خصوصی) شالامار انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ سائنسز کے تینوں یونٹس کے کانووکیشن کا انعقاد کیا گیا۔ 310 طلبہ کو ڈگریاں دی گئیں۔ شالامار میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج سے ایم بی بی ایس کے پاس آؤٹ ہونے والے 155 ڈاکٹرز کو میڈلز اور ڈگریاں دی گئیں۔ اس کے علاوہ شالامار نرسنگ کالج سے بی ایس نرسنگ کرنے والے 86 طلبا، شالامار سکول آف الائیڈ ہیلتھ سائنسز سے کامیاب ہونے والے 69 ہیلتھ پروفیشنلز کو بھی ڈگریاں (بقیہ نمبر 38)

لاہور، پاکستان اور ترکیہ کی دوستی کے 75 برس مکمل ہونے کی مناسبت سے رقص درویش کی شام میں ترکیہ کے آرٹسٹ پرفارم کر رہے ہیں

پنجاب بھر میں 1137 ٹریفک حادثات، 7 افراد جاں بحق 1192 زخمی

روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کیلئے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے

ٹریفک حادثات 599 ڈرائیوز، کم عمر ڈرائیور 47 مسافر 460 اور 140 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے

لاہور (نمائندہ خصوصی) پنجاب ایمرجنسی سروس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1137 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 646 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی اور تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 546 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیمز کی جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ (بقیہ نمبر 43)

سرگودھا، منشیات سپلائی پر آنیوالی مشکوک کار سے ساڑھے 33 کلو چرس وافیون برآمد، منشیات سمگلر گرفتار

سرگودھا (نمائندہ خصوصی) خیبر ایجنسی سے پنجاب داخل ہو کر سرگودھا منشیات سپلائی پر آنے والی مشکوک کار سے ساڑھے 33 کلو چرس وافیون برآمد کر کے منشیات سمگلر کو گرفتار کر لیا اور ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے خریداروں کی تلاش میں چھاپے مارتے ہوئے مصروف تفتیش ہے۔ ڈی پی او نے پولیس ٹیم کے لئے تعریفی سرٹیفکیٹس (بقیہ نمبر 44)

29 گولڈ میڈلز حاصل کرنے پر ڈاکٹر کی تصویر پی جی ایم آئی و جنرل ہسپتال میں آویزاں کرنے کا اعلان

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان کی طبی تاریخ میں پہلی بار ایم بی بی ایس کے امتحان میں لاہور جنرل ہسپتال سے منسلک امیر الدین میڈیکل کالج (پی جی ایم آئی) کے ڈاکٹر حافظ محمد ولید ملک نے 29 گولڈ میڈلز حاصل کر کے ایک نیا ریکارڈ قائم کر دیا ہے جو طویل عرصہ تک یاد رکھا جائے گا۔ پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے ہونہار ڈاکٹر اور فیکلٹی ممبران کو مبارکباد دیتے ہوئے اعلان کیا کہ ڈاکٹر ولید ملک کی تصویر پی جی ایم آئی، اے ایم سی (بقیہ نمبر 45)

آیان
عامر محمود 0311-5185882
فیاض احمد 0300-7817756
ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
ہمارے ہاں، کھڑکیاں،، دروازے، اٹالین کچن
الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا
ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

کسان کی خوشحالی ملک کی خوشحالی ہے، جنرل عمر فاروق

پاکستان کی معیشت کا انحصار زراعت اور لائیو سٹاک کی پیداوار میں اضافہ سے منسلک ہے

سرگودھا (نامہ نگار) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل عمر فاروق نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت کا انحصار زراعت اور لائیو سٹاک کی پیداوار میں اضافہ سے منسلک ہے، کسان کی خوشحالی ملک کی خوشحالی ہے، حکومت نے کسانوں کی فلاح و بہبود فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ اور ان کو معاشی طور پر مستحکم بنانے کیلئے انقلابی پروگرام شروع کر رکھے ہیں (بقیہ نمبر 30)

لاہور، انار کلی بازار میں تجاوزات کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے

سیالکوٹ ایئرپورٹ کل صبح فلائٹ آپریشن کیلئے مکمل بند کر دیا جائیگا

ایئرپورٹ رن وے کی مرمت کے کام کی وجہ سے بند کیا جا رہا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیالکوٹ ایئرپورٹ کل (پیر) کی صبح 9 بجے سے فلائٹ آپریشن کیلئے مکمل بند کر دیا جائے گا۔ ایئرپورٹ منیجر کے مطابق سیالکوٹ ایئرپورٹ 5 دسمبر سے 20 دسمبر تک بند کرنے کا نوٹم جاری کر دیا گیا ہے، ایئرپورٹ رن وے کی مرمت کے کام کی وجہ سے بند کیا جا رہا ہے۔ ایئرپورٹ منیجر نے بتایا کہ ایئرپورٹ بند کرنے (بقیہ نمبر 34)

لاہور، زلمی فاؤنڈیشن، امریکن قونصلیٹ جنرل اور پی سی بی کے اشتراک سے لگے جونیئر گرلز کرکٹ کیمپ میں شریک کھلاڑیوں کا شاہین شاہ آفریدی و دیگر کے ساتھ گروپ فوٹو

لاہور میں 10 کلو اور 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قلت کے خلاف قرارداد اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع

لاہور (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ (ن) نے صوبائی دارالحکومت لاہور میں 10 کلو اور 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قلت کے خلاف قرارداد پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرا دی۔ رکن اسمبلی سعدیہ تیمور کی جانب سے جمع کرائی گئی قرارداد کے متن میں کہا گیا ہے کہ لاہور میں دس اور بیس کلو کے آٹے کے تھیلے مارکیٹ سے غائب ہیں، دکاندار کلو کے (بقیہ نمبر 39)

سپیشل پیپلز ویلفیئر سوسائٹی کی طرف سے معذور افراد کے عالمی دن پر آگاہی واک

مریدکے (نمائندہ خصوصی) معذور افراد کے عالمی دن کے حوالے سے سپیشل پیپلز ویلفیئر سوسائٹی کی طرف سے مریدکے جی ٹی روڈ پر معذور افراد کے ساتھ یکجہتی کرتے شہریوں نے واک کی۔ واک کی قیادت قومی ڈس ایبل کرکٹ ٹیم کے سابق کھلاڑی سیٹھ اکرم مسلم لیگ ن کے رہنما ارشد ورک انعام (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

8 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سی پی او راولپنڈی سید شہزاد ندیم بخاری کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 8 بھکاری گرفتار، پیشہ ور بھکاری نا صرف مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں پر کھڑے ہو کر ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی باعث بنتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کے احکامات پر انچارجز بیگر اسکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے، 8 بھکاریوں کو گرفتار کر کے (بقیہ نمبر 41)

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیز لائی جائے گی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 06 ملزمان گرفتار، 06 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 02 منشیات فروش صلاح الدین اور عمران کو گرفتار کر لیا، ملزم صلاح الدین سے 01 کلو 700 گرام چرس اور ملزم عمران سے 300 گرام چرس برآمد ہوئی، صدر واہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم شوکت کو گرفتار کر کے ملزم سے 01 کلو 260 گرام چرس برآمد کی، گوجر (بقیہ نمبر 42)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار

منظم و متحرک گینگز کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سول لائن پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، مسروقہ 04 موٹر سائیکلز برآمد۔ تفصیلات کے مطابق سول لائن پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں قربان اور نعمان شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ 04 موٹر سائیکلز برآمد ہوئے، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، ایس پی پوٹھوہار ملک طارق محبوب نے سول لائن پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منظم و متحرک گینگز کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

اشتہاری مجرمان راولپنڈی پولیس کی حراست میں

سرگودھا ریجن کے ڈپٹی کمشنر میانوالی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ ریونیو کمیٹی کا اجلاس

سرگودھا (نمائندہ خصوصی) سرگودھا ریجن کے ڈپٹی کمشنر میانوالی نے ضلع بھر میں جاری ترقیاتی سکیموں میں معیاری میٹریل استعمال کرنے کا حکم دیتے ہوئے افسران کو متنبہ کیا ہے کہ غیر معیاری اور نا (بقیہ نمبر 46)

برائلر گوشت کی قیمت مستحکم، فارمی انڈوں کی قیمت میں اضافہ

لاہور (نمائندہ خصوصی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 414 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 276 روپے فی کلو پر مستحکم جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت ایک روپے اضافے سے 278 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔

لاہور، بیوی کو قتل کر کے فرار ہونیوالا ملزم 7 سال بعد گرفتار کر لیا گیا

ملزم گھریلو جھگڑے پر بیوی کو قتل کر کے فرار ہو گیا تھا، پولیس

لاہور (نمائندہ خصوصی) پولیس نے بیوی کو قتل کر کے فرار ہونے والے ملزم کو 7 سال بعد گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم گھریلو جھگڑے پر بیوی کو قتل کر کے فرار ہو گیا تھا۔ پولیس کے مطابق مقتولہ کے بھائی کی مدعیت میں قتل کا مقدمہ درج کیا گیا تھا، پولیس کی جانب سے ملزم سے آلہ قتل برآمد کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

چکی سے تیار کردہ آٹے کی قیمت میں 5 روپے فی کلو اضافہ 125 روپے ہو گئی

اوپن مارکیٹ میں گندم کی فی من 4 ہزار روپے تک پہنچ چکی ہے، چکی اونرز ایسوسی ایشن

گندم سستی ہو گی تو چکی کا آٹا بھی سستا کیا جائے گا، 20 کلو آٹے کا تھیلا بھی مارکیٹ سے غائب ہو گیا ہے

لاہور (نامہ نگار) چکی سے تیار کردہ آٹے کی قیمت میں 5 روپے فی کلو اضافہ کر دیا گیا۔ چکی اونرز ایسوسی ایشن لیاقت علی خان کے مطابق چکی کے آٹے کی قیمت 5 روپے بڑھا دی گئی ہے جس سے فی کلو قیمت 125 روپے ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوپن مارکیٹ میں گندم کی فی من 4 ہزار روپے تک پہنچ چکی ہے جبکہ ٹرانسپورٹیشن اور دیگر اخراجات اس کے علاوہ ہیں۔ پیداواری لاگت (بقیہ نمبر 59)

بیوی کو قتل کر کے فرار ہونیوالا ملزم 7 سال بعد گرفتار

لاہور (نامہ نگار) گھریلو لڑائی جھگڑے پر بیوی کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والے اشتہاری ملزم کو 7 سال بعد گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم عابد علی نے 7 سال قبل اپنی بیوی صائمہ کو اقبال ٹاؤن کے علاقے میں قتل کیا تھا، ملزم اپنی بیوی کو قتل کرنے کے بعد فرار ہو گیا تھا۔ مقتولہ صائمہ کے بھائی کی مدعیت میں تھانہ اقبال ٹاؤن میں (بقیہ نمبر 57)

ایمرجنسی سروس 15 پر نومبر میں پنجاب بھر سے 18 لاکھ 50 ہزار 133 کالز موصول ہوئیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے ون فائیو (15) ہیلپ لائن کالز کا ماہ نومبر کا ریکارڈ جاری کر دیا۔ گزشتہ ماہ نومبر میں لاہور سمیت پنجاب بھر سے 18 لاکھ 50 ہزار 133 کالز موصول ہوئیں، 1 لاکھ 67 ہزار 953 کالز پر پولیس نے مدد فراہم کی۔ مختلف معلومات کے حصول کیلئے 50 ہزار 084 کالز موصول ہوئیں، موصول شدہ کالز میں سے 10 لاکھ (بقیہ نمبر 55)

پتوکی شوگر ملز کے قریب دو گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں

ایک شخص جاں بحق جبکہ، دوسرا شدید زخمی ہو گیا، زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا

پتوکی (نامہ نگار) موٹروے بائی پاس پر پتوکی شوگر ملز کے قریب دو گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہو گیا، ریسکیو ٹیم نے نعش اور زخمی کو سرکاری ہسپتال پتوکی منتقل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل پتوکی کے علاقہ موٹر وے (بقیہ نمبر 58)

حکومت پنجاب کے سیکرٹری جنگلات نے تلور کے شکار پر پابندی عائد کر دی

محکمہ جنگلات اور محکمہ وائلڈ لائف کی ٹیمیں تشکیل دے کر انہیں متحرک کر دیا گیا ہے

سرگودھا (نامہ نگار) حکومت پنجاب نے تلور کے شکار پر پابندی عائد کر کے خلاف ورزی کے مرتکب کے خلاف کارروائی کے احکامات جاری کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق حکومت پنجاب کے سیکرٹری جنگلات نے تلور کے شکار پر پابندی عائد کر دی اور مرتکب افراد کے خلاف کارروائی کے احکامات جاری کر دیئے جس پر محکمہ جنگلات اور محکمہ و (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی: موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث سول لائن پولیس کی حراست میں

معاشی استحکام اور قومی سلامتی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، طالع سعید خان

پی ڈی ایم کو مقبولیت کا اتنا ہی زعم ہے تو انتخابی میدان میں اترے، پی ٹی آئی رہنما کی پارٹی کارکنوں سے گفتگو

لاہور (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما طالع سعید خان نے کہا ہے کہ معاشی استحکام اور قومی سلامتی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، وفاق میں بیٹھے حکمران جمہوری رویہ اپنائیں اور عام انتخابات کی تاریخ طے کرنے کیلئے مذاکرات کی میز پر آئیں، ملک معاشی طور پر جس قدر مشکلات کا شکار ہے اس سے ہیجان کی کیفیت بڑھ رہی ہے۔ حلقہ این اے 140 سے تعلق رکھنے والے پارٹی کارکنوں سے ملاقات میں گفتگو کر (بقیہ نمبر 54)

لاہور، شہری اردو بازار کے داخلے راستے پر لگے سٹال سے سٹیشنری کا سامان خرید رہے ہیں

کوٹلی ستیاں پولیس کی اہم کاروائی، سابقہ اہلیہ کو قتل کرنے والا سفاک ملزم گرفتار

ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) کوٹلی ستیاں پولیس کی اہم کاروائی، سابقہ اہلیہ کو قتل کرنے والا سفاک ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق کوٹلی ستیاں پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جینس کی مدد سابقہ اہلیہ کو قتل کرنے والے سفاک ملزم انوار الحق کو گرفتار کر لیا، ملزم نے سابقہ اہلیہ نسیم کوثر کو خلع لینے کے رنج میں فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتولہ کے والد کی مدعیت میں نومبر 2022 تھانہ کوٹلی ستیاں میں درج کیا گیا تھا، کوٹلی ستیاں پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جینس کی مدد سے ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کیا، ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے (بقیہ نمبر 53)

خود کو سرکاری افسر ظاہر کر کے شہری سے رقم ہتھیانے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) مندرہ پولیس کی کاروائی، خود کو سرکاری افسر ظاہر کر کے شہری سے رقم ہتھیانے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق مندرہ پولیس کو شہری نے درخواست دی کہ ملزمان نے نوکری کا جھانسہ دے کر بلایا اور اسلحہ کے زور پر نقدی ATM کارڈ، شناختی کارڈ اور محکمانہ کارڈ چھین (بقیہ نمبر 52)

راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں

03 ملزمان گرفتار، 40 لیٹر اور 05 بوتل شراب برآمد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کی شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں، 03 ملزمان گرفتار، 40 لیٹر اور 05 بوتل شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے شراب سپلائر جمعہ خان کو گرفتار کر کے ملزم سے 20 لیٹر شراب برآمد کی، کہوٹہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم گل زرین کو گرفتار کر کے ملزم سے 20 لیٹر شراب برآمد کی، کلر سیداں پولیس (بقیہ نمبر 51)

پوٹھوہار ڈویژن پولیس کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں، 02 اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پوٹھوہار ڈویژن پولیس کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں، مختلف مقدمات میں مطلوب 02 اشتہاری مجرمان گرفتار۔ واہ کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے اغواء کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم (بقیہ نمبر 50)

منشیات فروش راولپنڈی پولیس کی حراست میں

لاہور ون وے ٹریفک کی خلاف ورزی پر 88 مقدمات درج

7 سو سے زائد ڈرائیورز کو ایجوکیٹ کرتے ہوئے وارننگ دی گئی، سی ٹی او

ون وے کی خلاف ورزی کرنے والے اپنی اور دوسروں کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالتے ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) لاہور میں ون وے ٹریفک کی خلاف ورزی پر چالان کے ساتھ 88 مقدمات بھی درج کروا دیئے گئے جبکہ 7 سو سے زائد ڈرائیورز کو ایجوکیٹ کرتے ہوئے وارننگ دی گئی۔ چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی نے بتایا کہ غفلت اور لاپرواہی پر ڈرائیونگ کرنے کی دفعات کے تحت مقدمات درج کروائے گئے، مقدمات سیکشن 279 تعزیرات پاکستان کے تحت درج کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ کریک ڈاؤن کے پہلے ہی روز ون وے کی خلاف ورزی میں کمی دیکھنے میں آئی، شہر بھر میں 200 سے زائد مقامات پر ون وے روکنے کیلئے وارڈنز تعینات کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ون ٹریفک کی خلاف ورزی خودکشی کے مترادف (بقیہ نمبر 49)

خاتون سے زیادتی کرنیوالے 6 ملزمان گرفتار، باقی کی گرفتاری کیلئے چھاپے

لاہور (نمائندہ خصوصی) کاہنہ کچوانہ گاؤں میں خاتون سے زیادتی کرنے والے 06 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن حسن جاوید بھٹی کی سربراہی (بقیہ نمبر 47)

ایف آئی اے سائبر کرائم کی کارروائی

مالیاتی فراڈ میں ملوث 22 ملزمان گرفتار، ملزمان نے لاکھوں روپے بٹورے

لاہور (نمائندہ خصوصی) ایف آئی اے سائبر کرائم نے لاہور میں کارروائی کرتے ہوئے مالیاتی فراڈ میں ملوث 22 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق ملزمان نے ڈیجیٹل ڈیوائسز کا استعمال کرتے ہوئے فراڈ کیے، ملزمان نے سادہ لوح شہریوں کے (بقیہ نمبر 48)

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ
CNG اور آٹو پارٹس دستیاب ہیں
فری آئل چینج
مکینک: ناصر محمود 0332-5683901 0345-5259129
مکینک ظفر اقبال 0343-6818018

DRESS HOT COM
Ladies Under Garments
CEO
Kashf Abeer
0334-6096444
Kashf Abeer COLLECTION -373-
بوتیک سٹائل
زنانہ اور بچگانہ
برانڈڈ 2 پیس اور 3 پیس
نیازی ٹاؤن ملت کالونی گلی نمبر 21، راولپنڈی